يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

يَعْتَذِرُوْنَ	اِلَيْكُمْ	اِذَا	رَجَعْتُمْ	اِلَيْهِمْ	قُلْ	لَا تَعْتَذِرُوْا	لَنْ نُّؤْمِنَ
عذر لائیں گے	تمہارے پاس	جب	تم لوٹ کر جاؤ گے	ان کی طرف	آپ کہہ دیں	عُذر نہ کرو	ہرگز ہم یقین نہ کریں گے

جب تم اُن کی طرف لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے پاس عُذر لائیں گے۔ آپ کہہ دیں عُذر نہ کرو، ہم ہرگز یقین نہ کریں گے

لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ

لَكُمْ	قَدْ نَبَّاَنَا	اللّٰهُ	مِنْ اَخْبَارِكُمْ	وَ	سَيَرَى	اللّٰهُ	عَمَلَكُمْ	وَرَسُوْلُهٗ	ثُمَّ
تمہارا	ہمیں بتا چکا ہے	اللہ	تمہاری سب خبریں (حالات)	اور	ابھی دیکھے گا	اللہ	تمہارے عمل	اور اس کا رسول	پھر

تمہارا، اللہ ہمیں تمہاری سب خبریں بتا چکا ہے، اور ابھی اللہ اور اس کا رسول تمہارے عمل دیکھے گا، پھر

تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٤﴾

تُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عٰلِمِ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
تم لوٹائے جاؤ گے	طرف	جاننے والا	پوشیدہ	اور ظاہر	پھر وہ تمہیں جتا دے گا	وہ جو	تم کرتے تھے

تم پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے، پھر وہ تمہیں جتا دے گا تم جو کرتے تھے۔

سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ

سَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	لَكُمْ	اِذَا	انْقَلَبْتُمْ	اِلَيْهِمْ	لِتُعْرِضُوْا	عَنْهُمْ	فَاَعْرِضُوْا	عَنْهُمْ
اب قسمیں کھائیں گے	اللہ کی	تمہارے آگے	جب	واپس جاؤ گے تم	ان کی طرف	تاکہ تم درگزر کرو	ان سے	سو تم منہ موڑ لو	ان سے

جب تم ان کی طرف واپس جاؤ گے اب تمہارے آگے اللہ کی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے درگزر کرو، سو تم اُن سے مُنہ موڑ لو

اِنَّهُمْ رِجْسٌ ؗ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٥﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ

اِنَّهُمْ	رِجْسٌ	وَمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	جَزَآءً	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	يَحْلِفُوْنَ	لَكُمْ
بیشک وہ	پلید	اور ان کا ٹھکانہ	جہنم	بدلہ	اس کا جو	وہ کماتے تھے	وہ قسمیں کھاتے ہیں	تمہارے آگے

بیشک وہ پلید ہیں، اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے، اس کا بدلہ جو وہ کماتے تھے۔ وہ تمہارے آگے قسمیں کھاتے ہیں

لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ

لِتَرْضَوْا	عَنْهُمْ	فَاِنْ	تَرْضَوْا	عَنْهُمْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَرْضٰى	عَنِ	الْقَوْمِ
تاکہ تم راضی ہو جاؤ	ان سے	سو اگر	تم راضی ہو جاؤ	ان سے	تو بیشک	اللہ	راضی نہیں ہوتا	سے	لوگ

تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، سو اگر تم اُن سے راضی (بھی) ہو جاؤ تو بے شک اللہ راضی نہیں ہوتا

الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ

الْفٰسِقِيْنَ	اَلْاَعْرَابُ	اَشَدُّ	كُفْرًا	وَّنِفَاقًا	وَّاَجْدَرُ	اَلَّا يَعْلَمُوْا	حُدُوْدَ
نافرمان	دیہاتی	بہت سخت	کفر میں	اور نفاق میں	اور زیادہ لائق	کہ وہ نہ جانیں	احکام

نافرمان لوگوں سے - دیہاتی کفر اور نفاق میں بہت سخت ہیں، اور زیادہ لائق ہیں کہ وہ نہ جانیں جو احکام

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ

مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	عَلٰى	رَسُوْلِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَمِنَ	الْاَعْرَابِ	مَنْ
جو	نازل کئے	اللہ	پر	اپنا رسول	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور سے (بعض)	دیہاتی	جو

اللہ نے اپنے رسول پر نازل کئے، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اور بعض دیہاتی ہیں جو

يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَاۗىِٕرَ ۭ عَلَيْهِمْ دَاۗىِٕرَةُ السَّوْءِ

يَّتَّخِذُ	مَا يُنْفِقُ	مَغْرَمًا	وَّيَتَرَبَّصُ	بِكُمُ	الدَّوَاۗىِٕرَ	عَلَيْهِمْ	دَاۗىِٕرَةُ	السَّوْءِ
لیتے ہیں (سمجھتے ہیں)	جو وہ خرچ کرتے ہیں	تاوان	اور انتظار کرتے ہیں	تمہارے لئے	گردشیں	ان پر	گردش	بُری

(اللہ کی راہ میں) جو خرچ کرتے ہیں اُسے تاوان سمجھتے ہیں اور تمہارے لئے گردشوں کا انتظار کرتے ہیں، اُنہی پر ہے بُری گردش،

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٩٨﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	وَ	مِنَ	الْاَعْرَابِ	مَنْ	يُّؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	اور	سے (بعض)	دیہاتی	جو	ایمان رکھتے ہیں	اللہ پر	اور آخرت کا دن

اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور بعض دیہاتی ہیں جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں

وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ۭ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ

وَيَتَّخِذُ	مَا يُنْفِقُ	قُرُبٰتٍ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	صَلَوٰتِ	الرَّسُوْلِ	اَلَآ	اِنَّهَا	قُرْبَةٌ
اور سمجھتے ہیں	جو وہ خرچ کریں	نزدیکیاں	اللہ سے	اور	دعائیں	رسول	ہاں ہاں	یقیناً وہ	نزدیکی

اور جو وہ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ سے نزدیکیوں اور رسول کی دعائیں (لینے کا ذریعہ) سمجھتے ہیں، ہاں ہاں! یقیناً وہ نزدیکی (کا ذریعہ) ہے

١٢ ع ١٠ ١

لَّهُمْ ۭ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ

لَّهُمْ	سَيُدْخِلُهُمُ	اللّٰهُ	فِيْ	رَحْمَتِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَالسّٰبِقُوْنَ	الْاَوَّلُوْنَ
ان کے لئے	جلد داخل کریگا انہیں	اللہ	میں	اپنی رحمت	بیشک	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور سبقت کرنے والے	سب سے پہلے

ان کے لئے، اللہ جلد انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا، بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور سب سے پہلے (ایمان اور اسلام میں) سبقت کرنے والے

مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ

مِنَ	الْمُهٰجِرِيْنَ	وَالْاَنْصَارِ	وَالَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُمْ	بِاِحْسَانٍ	رَّضِيَ اللّٰهُ	عَنْهُمْ	وَ
سے	مہاجرین	اور انصار	اور جن لوگوں	ان کی پیروی کی	نیکی کے ساتھ	راضی ہوا اللّٰہ	اُن سے	اور

مہاجرین اور انصار میں سے، اور جنہوں نے نیکی کے ساتھ انکی پیروی کی، اللّٰہ ان سے راضی ہوا، اور

رَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا

رَضُوْا	عَنْهُ	وَاَعَدَّ	لَهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	تَحْتَهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	اَبَدًا
وہ راضی ہوئے	اس سے	اور تیار کیا اس نے	انکے لئے	باغات	بہتی ہیں	انکے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ہمیشہ

وہ اس سے راضی ہوئے، اور اس نے ان کے لئے باغات تیار کئے ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَ

ذٰلِكَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	وَ	مِمَّنْ	حَوْلَكُمْ	مِّنَ	الْاَعْرَابِ	مُنٰفِقُوْنَ	وَ
یہ	کامیابی بڑی	اور	ان میں جو	تمہارے اردگرد	سے بعض	دیہاتی	منافق (جمع)	اور

یہ بڑی کامیابی ہے - اور جو دیہاتی تمہارے اِردگرد ہیں ان میں سے بعض منافق ہیں، اور

مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۫ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ

مِنْ	اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ	مَرَدُوْا	عَلَى	النِّفَاقِ	لَا تَعْلَمُهُمْ	نَحْنُ	نَعْلَمُهُمْ
سے بعض	مدینہ والے	اَڑے ہوئے ہیں	پر	نفاق	تم نہیں جانتے ان کو	ہم	جانتے ہیں انہیں

مدینہ والوں میں سے بعض نفاق پر اَڑے ہوئے ہیں، تم انہیں نہیں جانتے، ہم انہیں جانتے ہیں

سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠١﴾ وَاٰخَرُوْنَ

سَنُعَذِّبُهُمْ	مَّرَّتَيْنِ	ثُمَّ	يُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عَذَابٍ	عَظِيْمٍ	وَاٰخَرُوْنَ
جلد ہم انہیں عذاب دینگے	دوبار	پھر	وہ لوٹائے جائیں گے	طرف	عذاب	عظیم	اور کچھ اور

اور ہم جلد انہیں دوبار عذاب دیں گے، پھر وہ عذابِ عظیم کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اور کچھ اور ہیں

اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ

اعْتَرَفُوْا	بِذُنُوْبِهِمْ	خَلَطُوْا	عَمَلًا صَالِحًا	وَّاٰخَرَ	سَيِّئًا	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ
انہوں نے اعتراف کیا	اپنے گناہوں کا	اُنہوں نے ملایا	ایک عمل اچھا	اور دوسرا	بُرا	قریب ہے	اللّٰہ	کہ

جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا، اُنہوں نے ایک اچھا اور دوسرا بُرا عمل ملا لیا، قریب ہے کہ اللّٰہ

يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠٢﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُ

تُطَهِّرُ	صَدَقَةً	اَمْوَالِهِمْ	مِنْ	خُذْ	رَحِيْمٌ	غَفُوْرٌ	اللّٰهَ	اِنَّ	يَتُوبَ + عَلَيْهِمْ
تم پاک کردو	زکوٰۃ	ان کے مال (جمع)	سے	لے لیں آپؐ	نہایت مہربان	بخشنے والا	اللہ	بیشک	معاف کردے انہیں

انہیں معاف کردے، بیشک اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ آپؐ ان کے مالوں میں سے زکوٰۃ لے لیں، آپؐ انہیں پاک

هُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ

وَاللّٰهُ	لَّهُمْ	سَكَنٌ	صَلٰوتَكَ	اِنَّ	عَلَيْهِمْ	وَصَلِّ	بِهَا	وَتُزَكِّيْهِمْ	هُمْ
اور اللہ	ان کے لئے	سکون	آپؐ کی دُعا	بیشک	ان پر	اور دُعا کرو	اس سے	اور صاف کردو	انہیں

اور صاف کردیں اس سے، اور ان پر دُعائے (خیر) کریں۔ بیشک آپؐ کی دُعا ان کے لئے (باعث) سکون ہے اور اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٠٣﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ

وَيَاْخُذُ	عِبَادِهٖ	عَنْ	التَّوْبَةَ	يَقْبَلُ	هُوَ	اللّٰهَ	اَنَّ	اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا	عَلِيْمٌ	سَمِيْعٌ
اور قبول کرتا ہے	اپنے بندے	سے۔ کی	توبہ	قبول کرتا ہے	وہ	اللہ	کہ	کیا انہیں علم نہیں	جاننے والا	سُننے والا

سُننے والا، جاننے والا ہے۔ کیا انہیں علم نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے، اور قبول کرتا ہے

الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ

اللّٰهُ	فَسَيَرَى	اعْمَلُوْا	وَقُلِ	الرَّحِيْمُ	التَّوَّابُ	هُوَ	اللّٰهَ	وَاَنَّ	الصَّدَقٰتِ
اللہ	پس اب دیکھے گا	تم کئے جاؤ عمل	اور کہدیں آپؐ	نہایت مہربان	توبہ قبول کرنے والا	وہ	اللہ	اور یہ کہ	صدقات

صدقات، اور یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اور آپؐ کہدیں تم عمل کئے جاؤ، پس اب دیکھے گا اللہ

عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

وَالشَّهَادَةِ	عٰلِمِ الْغَيْبِ	اِلٰى	وَسَتُرَدُّوْنَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَ	وَرَسُوْلُهٗ	عَمَلَكُمْ
اور ظاہر	جاننے والا پوشیدہ	طرف	اور جلد لوٹائے جاؤ گے	مومن (جمع)	اور	اور اس کا رسولؐ	تمہارے عمل

اور اس کا رسولؐ اور مومن تمہارے عمل، اور تم جلد پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے،

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٥﴾ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ

يُعَذِّبُهُمْ	اِمَّا	لِاَمْرِ اللّٰهِ	مُرْجَوْنَ	وَاٰخَرُوْنَ	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	فَيُنَبِّئُكُمْ
وہ انہیں عذاب دے	خواہ	اللہ کے حکم پر	وہ موقوف رکھے گئے	اور کچھ اور	تم کرتے تھے	وہ جو	سو وہ تمہیں جتادے گا

سو وہ تمہیں جتادے گا جو تم کرتے تھے۔ اور کچھ اور ہیں وہ اللہ کے حکم پر موقوف رکھے گئے ہیں، خواہ وہ انہیں عذاب دے

وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا

وَاِمَّا	يَتُوْبُ + عَلَيْهِمْ	وَ اللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مَسْجِدًا	ضِرَارًا
اور خواہ	توبہ قبول کرلے ان کی	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور وہ لوگ جو	انہوں نے بنائی	مسجد	نقصان پہنچانے کو

اور خواہ اُن کی توبہ قبول کرلے، اور اللہ جاننے والا (حکمت والا ہے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے مسجد ضرار (نقصان پہنچانے کے لئے) بنائی

وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًاۢ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

وَكُفْرًا	وَتَفْرِيْقًا	بَيْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاِرْصَادًا	لِمَنْ	حَارَبَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
اور کفر کے لئے	اور پھوٹ ڈالنے کو	درمیان	مومن (جمع)	اور گھات کی جگہ بنانے کے لئے	اس کے واسطے جو	اس نے جنگ کی	اللہ	اور اس کا رسول

اور کفر کرنے کے لئے، اور مومنوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے کے لئے اور اُس کے واسطے گھات کی جگہ بنانے کے لئے جس نے اللہ اور اسکے رسول سے جنگ کی

مِنْ قَبْلُ ۗ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ۗ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

مِنْ	قَبْلُ	وَلَيَحْلِفُنَّ	اِنْ	اَرَدْنَا	اِلَّا	الْحُسْنٰى	وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّهُمْ
سے	پہلے	اور وہ البتہ قسمیں کھائیں گے	نہیں	ہم نے چاہا	مگر (صرف)	بھلائی	اور اللہ	گواہی دیتا ہے	وہ یقیناً

اس سے پہلے، اور وہ البتہ قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے صرف بھلائی چاہی، اور اللہ گواہی دیتا ہے وہ یقیناً

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ۗ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ

لَكٰذِبُوْنَ	لَا تَقُمْ	فِيْهِ	اَبَدًا	لَمَسْجِدٌ	اُسِّسَ	عَلَى	التَّقْوٰى	مِنْ	اَوَّلِ
جھوٹے ہیں	آپ نہ کھڑے ہونا	اس میں	کبھی	بیشک وہ مسجد	بنیاد رکھی گئی	پر	تقویٰ	سے	پہلے

جھوٹے ہیں۔ آپ اس میں کبھی کھڑے نہ ہونا، بیشک وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے تقوے پر رکھی گئی ہے

يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۗ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

يَوْمٍ	اَحَقُّ	اَنْ	تَقُوْمَ	فِيْهِ	فِيْهِ	رِجَالٌ	يُحِبُّوْنَ	اَنْ	يَتَطَهَّرُوْا	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ
دن	زیادہ لائق	کہ	آپ کھڑے ہوں	اس میں	اس میں	ایسے لوگ	وہ چاہتے ہیں	کہ	وہ پاک رہیں	اور اللہ	محبوب رکھتا ہے

زیادہ لائق ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں، اس میں ایسے لوگ ہیں جو چاہتے ہیں کہ وہ پاک رہیں، اور اللہ محبوب رکھتا ہے

الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ

الْمُطَّهِّرِيْنَ	اَفَمَنْ	اَسَّسَ	بُنْيَانَهٗ	عَلٰى	تَقْوٰى	مِنَ اللّٰهِ	وَرِضْوَانٍ	خَيْرٌ
پاک رہنے والے	سو کیا وہ جو	بنیاد رکھی اس نے	اپنی عمارت	پر	تقویٰ (خوف)	اللہ سے	اور خوشنودی	بہتر

پاک رہنے والوں کو۔ سو کیا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے خوف اور (اس کی) خوشنودی پر رکھی، وہ بہتر ہے؟

اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِىْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ

اَمْ	مَّنْ	اَسَّسَ	بُنْيَانَهٗ	عَلٰى	شَفَا	جُرُفٍ	هَارٍ	فَانْهَارَ	بِهٖ	فِىْ	نَارِ جَهَنَّمَ
یا	جو۔جس	بنیاد رکھی	اپنی عمارت	پر	کنارہ	کھائی	گرنے والا	سوگر پڑی	اسکو لیکر	میں	دوزخ کی آگ

یا وہ، جس نے اپنی عمارت کی بنیاد گرنے والی کھائی (گڑھے) کے کنارہ پر رکھی، سو وہ اسکو لے کر دوزخ کی آگ میں گر پڑی،

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِىْ بَنَوْا رِيْبَةً

وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِىْ	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	لَا يَزَالُ	بُنْيَانُهُمُ	الَّذِىْ	بَنَوْا	رِيْبَةً
اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظالم (جمع)	ہمیشہ رہے گی	ان کی عمارت	جو کہ	بنیاد رکھی	شک

اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ وہ عمارت جس کی اُنہوں نے بنیاد رکھی ہے ہمیشہ شک ڈالتی رہے گی

١٣ ع ١١ ٢

فِىْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّاۤ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١١٠﴾ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى

فِىْ	قُلُوْبِهِمْ	اِلَّاۤ	اَنْ تَقَطَّعَ	قُلُوْبُهُمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	اِنَّ	اللّٰهَ	اشْتَرٰى
میں	ان کے دل	مگر	یہ کہ ٹکڑے ہوجائیں	ان کے دل	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	بیشک	اللہ	خرید لئے

ان کے دلوں میں، مگر یہ کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ بیشک اللہ نے خرید لیں

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ

مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَنْفُسَهُمْ	وَاَمْوَالَهُمْ	بِاَنَّ	لَهُمُ	الْجَنَّةَ	يُقَاتِلُوْنَ	فِىْ
سے	مومن (جمع)	ان کی جانیں	اور ان کے مال	اس کے بدلے	ان کے لئے	جنت	وہ لڑتے ہیں	میں

مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال، اس کے بدلے کہ ان کے لئے جنت ہے، وہ لڑتے ہیں

سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۫ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ

سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَيَقْتُلُوْنَ	وَيُقْتَلُوْنَ	وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا	فِى التَّوْرٰىةِ	وَالْاِنْجِيْلِ
اللہ کی راہ	سو وہ مارتے ہیں	اور مارے جاتے ہیں	وعدہ	اس پر	سچا	تورات میں	اور انجیل

اللہ کی راہ میں، سو وہ مارتے ہیں اور مارے (بھی) جاتے ہیں اس پر سچا وعدہ ہے تورات میں، اور انجیل

وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِىْ

وَالْقُرْاٰنِ	وَمَنْ	اَوْفٰى	بِعَهْدِهٖ	مِنَ اللّٰهِ	فَاسْتَبْشِرُوْا	بِبَيْعِكُمُ	الَّذِىْ
اور قرآن	اور کون	زیادہ پورا کرنیوالا	اپنا وعدہ	اللہ سے	پس تم خوشیاں مناؤ	اپنے سودے پر	جو کہ

اور قرآن میں، اور اللہ سے زیادہ کون اپنا وعدہ پورا کرنے والا ہے؟ پس تم اپنے اس سودے پر خوشیاں مناؤ جو

بَايَعْتُمْ بِهٖ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١١١﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ

بَايَعْتُمْ	بِهٖ	وَذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	اَلتَّآئِبُوْنَ	الْعٰبِدُوْنَ	الْحٰمِدُوْنَ
تم نے سودا کیا	اس سے	اور یہ	وہ	کامیابی	عظیم	توبہ کرنے والے	عبادت کرنے والے	حمد وثنا کرنے والے

تم نے اس سے سودا کیا ہے، اور یہ عظیم کامیابی ہے - توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد وثنا کرنے والے،

السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

السَّآئِحُوْنَ	الرّٰكِعُوْنَ	السّٰجِدُوْنَ	الْاٰمِرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَالنَّاهُوْنَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ
سفر کرنے والے	رکوع کرنے والے	سجدہ کرنے والے	حکم دینے والے	نیکی کا	اور روکنے والے	سے	برائی

(اللہ کی راہ میں) سفر کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے،

وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٢﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

وَالْحٰفِظُوْنَ	لِحُدُوْدِ اللّٰهِ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مَا كَانَ	لِلنَّبِيِّ	وَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
اور حفاظت کرنے والے	اللہ کی حدود کی	اور خوشخبری دو	مومن (جمع)	نہیں ہے	نبی کے لئے	اور	جو لوگ ایمان لائے (مومن)

اور اللہ کی (قائم کردہ) حدود کی حفاظت کرنے والے، اور مومنوں کو خوشخبری دو۔ نبیؐ کے لئے اور مومنوں کے لئے (شایاں) نہیں

اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ

اَنْ	يَّسْتَغْفِرُوْا	لِلْمُشْرِكِيْنَ	وَلَوْ	كَانُوْٓا	اُولِيْ قُرْبٰى	مِنْۢ بَعْدِ	مَا تَبَيَّنَ	لَهُمْ
کہ	وہ بخشش چاہیں	مشرکوں کے لئے	خواہ	وہ ہوں	قرابت دار	اس کے بعد	جب ظاہر ہو گیا	ان پر

کہ وہ مشرکوں کے لئے بخشش چاہیں، خواہ وہ ان کے قرابت دار ہوں، اس کے بعد جبکہ ان پر ظاہر ہو گیا

اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١١٣﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ

اَنَّهُمْ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ	وَمَا كَانَ	اسْتِغْفَارُ	اِبْرٰهِيْمَ	لِاَبِيْهِ	اِلَّا	عَنْ مَّوْعِدَةٍ
کہ وہ	دوزخ والے	اور نہ تھا	بخشش چاہنا	ابراہیمؑ	اپنے باپ کے لئے	مگر	ایک وعدہ کے سبب

کہ وہ دوزخ والے ہیں - اور ابراہیمؑ کا اپنے باپ کے لئے بخشش چاہنا نہ تھا مگر ایک وعدہ کے سبب

وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ

وَّعَدَهَا	اِيَّاهُ	فَلَمَّا	تَبَيَّنَ	لَهٗ	اَنَّهٗ	عَدُوٌّ لِّلّٰهِ	تَبَرَّاَ	مِنْهُ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	لَاَوَّاهٌ
جو اس نے وعدہ کیا	اس سے	پھر جب	ظاہر ہو گیا	اس پر	کہ وہ	اللہ کا دشمن	وہ بیزار ہو گیا	اس سے	بیشک	ابراہیمؑ	نرم دل

جو وہ اس باپ سے کر چکے تھے، پھر جب ان پر ظاہر ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے، بیشک ابراہیمؑ نرم دل

حَلِيْمٌ ﴿١١٤﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ إِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا

حَلِيْمٌ	وَمَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيُضِلَّ	قَوْمًا	بَعْدَ	إِذْ هَدٰىهُمْ	حَتّٰى	يُبَيِّنَ	لَهُمْ	مَا
بُردبار	اور نہیں ہے	اللہ	کہ وہ گمراہ کرے	کوئی قوم	بعد	جب انہیں ہدایت دیدی	جب تک	واضح کردے	ان پر	جس

بُردبار تھے۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ کسی کو اس کے بعد گمراہ کرے جبکہ اس نے انہیں ہدایت دیدی جب تک ان پر واضح نہ کردے جس سے

يَتَّقُوْنَ ۭ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾ إِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۭ

يَتَّقُوْنَ	إِنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	إِنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ
وہ پرہیز کریں	بیشک	اللہ	ہر	شے کا	جاننے والا	بیشک	اللہ	اسکے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین

وہ پرہیز کریں، بیشک اللہ ہر شے کا جاننے والا ہے۔ بیشک اللہ ہی کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی،

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿١١٦﴾ لَقَدْ تَّابَ

يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	وَمَا لَكُمْ	مِّنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مِنْ	وَّلِيٍّ	وَّلَا نَصِيْرٍ	لَقَدْ تَّابَ
وہ زندگی دیتا ہے	اور وہ مارتا ہے	اور تمہارے لئے نہیں	کوئی	اللہ کے سوا	سے	کوئی حمایتی	اور نہ مددگار	البتہ توجہ فرمائی

وہ زندگی دیتا ہے اور (وہی) مارتا ہے، اور تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی حمایتی ہے اور نہ مددگار۔ البتہ توجہ فرمائی

اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ

اللّٰهُ	عَلَى	النَّبِيِّ	وَالْمُهٰجِرِيْنَ	وَالْأَنْصَارِ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ	فِيْ	سَاعَةِ	الْعُسْرَةِ
اللہ	پر	نبیؐ	اور مہاجرین	اور انصار	وہ جنہوں نے	اسکی پیروی کی	میں	گھڑی	تنگی

اللہ نے نبیؐ پر، اور مہاجرین و انصار پر، وہ جنہوں نے تنگی کی گھڑی میں اس کی پیروی کی،

مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ إِنَّهٗ بِهِمْ

مِنْ بَعْدِ	مَا كَادَ	يَزِيْغُ	قُلُوْبُ	فَرِيْقٍ	مِّنْهُمْ	ثُمَّ	تَابَ	عَلَيْهِمْ	إِنَّهٗ	بِهِمْ
اس کے بعد	جب قریب تھا	پھر جائیں	دل (جمع)	ایک فریق	ان سے	پھر	وہ متوجہ ہوا	ان پر	بیشک وہ	اُن پر

اس کے بعد جبکہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک فریق کے دل پھر جائیں، پھر وہ ان پر متوجہ ہوا، بیشک وہ اُن پر

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٧﴾ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ

رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	عَلَى	الثَّلٰثَةِ	الَّذِيْنَ	خُلِّفُوْا	حَتّٰى	إِذَا	ضَاقَتْ	عَلَيْهِمُ
انتہائی شفیق	نہایت مہربان	اور	پر	وہ تین	وہ جو	پیچھے رکھا گیا	یہانتک	جب	تنگ ہوگئی	ان پر

انتہائی شفیق، نہایت مہربان ہے۔ اور ان تین پر (جن کا معاملہ) پیچھے رکھا گیا تھا، یہاں تک کہ ان پر تنگ ہوگئی

الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوا أَنْ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللَّهِ

الْأَرْضُ	بِمَا رَحُبَتْ	وَضَاقَتْ	عَلَيْهِمْ	أَنْفُسُهُمْ	وَظَنُّوا	أَنْ	لَا مَلْجَأَ	مِنَ	اللَّهِ
زمین	باوجود کشادگی	اور وہ تنگ ہوگئی	ان پر	ان کی جانیں	اور انہوں نے جان لیا	کہ	نہیں پناہ	سے	اللہ

زمین اپنی کشادگی کے باوجود، اور ان پر اُن کی جانیں تنگ ہوگئیں (اپنی جانوں سے تنگ آگئے) اور انہوں نے جان لیا کہ اللہ سے کوئی پناہ نہیں

١٤ | ع ٨ | ٣

إِلَّا إِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١١٨﴾ يَا أَيُّهَا

إِلَّا	إِلَيْهِ	ثُمَّ	تَابَ عَلَيْهِمْ	لِيَتُوبُوا	إِنَّ اللَّهَ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيمُ	يَا أَيُّهَا
مگر	اسکی طرف	پھر	وہ متوجہ ہوا ان پر	تاکہ وہ توبہ کریں	بیشک اللہ	وہ	توبہ قبول کرنیوالا	نہایت مہربان	اے

مگر اسی کی طرف ہے، پھر وہ ان پر (اپنی رحمت سے) متوجہ ہوا تاکہ وہ توبہ کریں، بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ ﴿١١٩﴾ مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ

الَّذِينَ آمَنُوا	اتَّقُوا اللَّهَ	وَ كُونُوا	مَعَ	الصَّادِقِينَ	مَا كَانَ	لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ
جو لوگ ایمان لائے (مومن)	ڈرو اللہ سے	اور ہو جاؤ	ساتھ	سچے لوگ	نہ تھا	مدینہ والوں کو

ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ۔ (لائق) نہ تھا مدینہ والوں کو (اور انہیں)

وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ وَلَا يَرْغَبُوا

وَ	مَنْ	حَوْلَهُمْ	مِنَ الْأَعْرَابِ	أَنْ يَتَخَلَّفُوا	عَنْ	رَسُولِ	اللَّهِ	وَلَا يَرْغَبُوا
اور	جو	ان کے ارد گرد	دیہاتیوں میں سے	کہ وہ پیچھے رہ جاتے	سے	رسولؐ	اللہ	اور یہ کہ زیادہ چاہیں وہ

جو اُن کے ارد گرد دیہاتی ہیں کہ وہ اللہ کے رسولؐ سے پیچھے رہ جائیں، اور یہ کہ وہ زیادہ چاہیں

بِأَنْفُسِهِمْ عَنْ نَفْسِهِ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا

بِأَنْفُسِهِمْ	عَنْ	نَفْسِهِ	ذَٰلِكَ	بِأَنَّهُمْ	لَا يُصِيبُهُمْ	ظَمَأٌ	وَلَا نَصَبٌ	وَلَا
اپنوں جانوں کو	سے	ان کی جان	یہ	اس لئے کہ وہ	نہیں پہنچی ان کو	کوئی پیاس	اور نہ کوئی مشقت	اور نہ

اپنی جانوں کو اُنؐ کی جان سے، یہ اس لئے کہ ان کو نہیں پہنچتی کوئی پیاس، اور نہ کوئی مشقت، اور نہ

مَخْمَصَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَطَئُونَ مَوْطِئًا يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُونَ

مَخْمَصَةٌ	فِي	سَبِيلِ اللَّهِ	وَلَا يَطَئُونَ	مَوْطِئًا	يَغِيظُ	الْكُفَّارَ	وَلَا يَنَالُونَ
کوئی بھوک	میں	اللہ کی راہ	اور نہ وہ قدم رکھتے ہیں	ایسا قدم	غصے ہوں	کافر (جمع)	اور نہ وہ چھینتے ہیں

کوئی بھوک اللہ کی راہ میں، اور نہ وہ ایسا قدم رکھتے ہوں کہ کافر غصے ہوں، اور نہ وہ چھینتے ہیں

مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

مِنْ	عَدُوٍّ	نَّيْلًا	اِلَّا	كُتِبَ لَهُمْ	بِهٖ	عَمَلٌ صَالِحٌ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ	اَجْرَ
سے	دشمن	کوئی چیز	مگر	لکھا جاتا ہے ان کیلئے	اس سے	عمل نیک	بیشک اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر

دشمن سے کوئی چیز، مگر اس سے (اس کے بدلے) ان کے لئے نیک عمل لکھا جاتا ہے، بیشک اللہ اجر ضائع نہیں کرتا

الْمُحْسِنِيْنَ ۝١٢٠ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ

الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	لَا	يُنْفِقُوْنَ	نَفَقَةً	صَغِيْرَةً	وَّلَا كَبِيْرَةً	وَلَا يَقْطَعُوْنَ
نیکوکار (جمع)	اور	نہ	وہ خرچ کرتے ہیں	خرچ	چھوٹا	اور نہ بڑا	اور نہ طے کرتے ہیں

نیکوکاروں کا ۔ اور وہ کوئی چھوٹا یا بڑا (کم یا زیادہ) خرچ نہیں کرتے اور نہ وہ طے کرتے ہیں

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١٢١ وَمَا كَانَ

وَادِيًا	اِلَّا	كُتِبَ لَهُمْ	لِيَجْزِيَهُمُ	اللّٰهُ	اَحْسَنَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَمَا كَانَ
کوئی وادی (میدان)	مگر	لکھا جاتا ہے ان کیلئے	تاکہ جزا دے انہیں	اللہ	بہترین	جو	وہ کرتے تھے (ان کے اعمال)	اور نہیں ہے

کوئی میدان، مگر ان کے لیے لکھ دیا جاتا ہے، تاکہ اللہ ان کے اعمال کی انہیں بہترین جزا دے۔ اور (ایسے تو) نہیں

الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَاۗفَّةً ۭ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَاۗىِٕفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا

الْمُؤْمِنُوْنَ	لِيَنْفِرُوْا	كَاۗفَّةً	فَلَوْ	لَا نَفَرَ	مِنْ	كُلِّ فِرْقَةٍ	مِّنْهُمْ	طَاۗىِٕفَةٌ	لِّيَتَفَقَّهُوْا
مومن (جمع)	کہ وہ کوچ کریں	سب کے سب	بس کیوں	نہ کوچ کرے	سے	ہر گروہ	ان سے ۔ انکی	ایک جماعت	تاکہ وہ سمجھ حاصل کریں

کہ مومن سب کے سب کوچ کریں۔ پس کیوں نہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت کوچ کرے تاکہ وہ سمجھ حاصل کریں

١٥ ع ٤ ٤

فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ۝١٢٢ ع

فِي الدِّيْنِ	وَلِيُنْذِرُوْا	قَوْمَهُمْ	اِذَا	رَجَعُوْٓا	اِلَيْهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَحْذَرُوْنَ
دین میں	اور تاکہ وہ ڈر سنائیں	اپنی قوم	جب	وہ لوٹیں	ان کی طرف	تاکہ وہ (عجب نہیں)	بچتے رہیں

دین میں، اور تاکہ وہ اپنی قوم کو ڈر سنائیں جب ان کی طرف لوٹیں، عجب نہیں کہ وہ بچتے رہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	قَاتِلُوا	الَّذِيْنَ	يَلُوْنَكُمْ	مِّنَ الْكُفَّارِ	وَلْيَجِدُوْا	فِيْكُمْ
اے	وہ جو ایمان لائے (مومن)	لڑو	وہ جو	نزدیک تمہارے	کفار سے (کافر)	اور چاہیے کہ وہ پائیں	تمہارے اندر

اے مومنو! اپنے نزدیک کے کافروں سے لڑو، اور چاہیے کہ وہ تمہارے اندر پائیں

غِلْظَةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٣﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ

غِلْظَةً	وَ	اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	مَعَ الْمُتَّقِيْنَ	وَاِذَا مَا	اُنْزِلَتْ	سُوْرَةٌ	فَمِنْهُمْ
سختی	اور	جان لو	کہ	اللہ	پرہیزگاروں کے ساتھ	اور جب	نازل کی جاتی ہے	کوئی سورۃ	تو ان میں سے

سختی، اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے - اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو ان میں سے

مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ

مَنْ	يَقُوْلُ	اَيُّكُمْ	زَادَتْهُ	هٰذِهٖ	اِيْمَانًا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَزَادَتْهُمْ
بعض	کہتے ہیں	تم میں سے کسی	زیادہ کردیا اس کا	اس نے	ایمان	سو جو	وہ لوگ جو	وہ ایمان لائے	اس نے زیادہ کردیا ان کا

بعض کہتے ہیں اس نے تم میں سے کس کا ایمان زیادہ کردیا؟ سو جو لوگ ایمان لائے ہیں، اس نے زیادہ کردیا ہے ان کا

اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿١٢٤﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ

اِيْمَانًا	وَهُمْ	يَسْتَبْشِرُوْنَ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	مَرَضٌ	فَزَادَتْهُمْ
ایمان	اور وہ	خوشیاں مناتے ہیں	اور جو	وہ لوگ جو	میں	ان کے دل (جمع)	بیماری	اس نے زیادہ کردی ان کی

ایمان، اور وہ خوشیاں مناتے ہیں - اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے، اس نے زیادہ کردی اُن کی

رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿١٢٥﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ

رِجْسًا	اِلٰى	رِجْسِهِمْ	وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كٰفِرُوْنَ	اَوَ	لَا يَرَوْنَ	اَنَّهُمْ	يُفْتَنُوْنَ	فِيْ كُلِّ عَامٍ
گندگی	طرف (پر)	ان کی گندگی	اور وہ مرے	اور وہ	کافر (جمع)	کیا	وہ نہیں دیکھتے	کہ وہ	آزمائے جاتے ہیں	ہر سال میں

گندگی پر گندگی، اور وہ مرنے تک کافر ہی رہے - کیا وہ نہیں دیکھتے کہ وہ ہر سال آزمائے جاتے ہیں؟

مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ

مَرَّةً	اَوْ	مَرَّتَيْنِ	ثُمَّ	لَا يَتُوْبُوْنَ	وَلَا	هُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	وَاِذَا مَآ	اُنْزِلَتْ
ایک بار	یا	دو بار	پھر	نہ وہ توبہ کرتے ہیں	اور نہ	وہ	نصیحت پکڑتے ہیں	اور جب	اتاری جاتی ہے

ایک بار یا دو بار، پھر نہ وہ توبہ کرتے ہیں اور نہ نصیحت پکڑتے ہیں - اور جب اُتاری جاتی ہے

سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ۭ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ۭ

سُوْرَةٌ	نَظَرَ	بَعْضُهُمْ	اِلٰى	بَعْضٍ	هَلْ	يَرٰىكُمْ	مِنْ اَحَدٍ	ثُمَّ	انْصَرَفُوْا
کوئی سورۃ	دیکھتا ہے	ان میں سے (کوئی ایک)	کو	بعض (دوسرے)	کیا	دیکھتا ہے تمہیں	کوئی	پھر	وہ پھر جاتے ہیں

کوئی سورۃ تو ان میں سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگتا ہے، کیا تمہیں کوئی (مسلمان) دیکھتا ہے؟ پھر وہ پھر جاتے ہیں

صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿١٢٧﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

صَرَفَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَا يَفْقَهُوْنَ	لَقَدْ جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌ
پھیر دیئے	اللہ	ان کے دل	کیونکہ وہ	لوگ	سمجھ نہیں رکھتے	البتہ تمہارے پاس آیا	ایک رسول

اللہ نے ان کے دل پھیر دیئے، کیونکہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے - البتہ تمہارے پاس آیا ایک رسول

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

مِنْ	اَنْفُسِكُمْ	عَزِيْزٌ	عَلَيْهِ	مَا	عَنِتُّمْ	حَرِيْصٌ	عَلَيْكُمْ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ
سے	تمہاری جانیں (تم)	گراں	اس پر	جو	تمہیں تکلیف پہنچے	حریص (بہت خواہشمند)	تم پر	مومنوں پر

تم میں سے، جو تمہیں تکلیف پہنچے وہ اس پر گراں ہے، تمہاری (بھلائی کا) بہت خواہشمند ہے، مومنوں پر

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

رَءُوْفٌ	رَحِيْمٌ	فَاِنْ تَوَلَّوْا	فَقُلْ	حَسْبِيَ	اللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
انتہائی شفیق	نہایت مہربان	پھر اگر وہ منہ موڑ لیں	تو کہہ دیں	مجھے کافی ہے	اللہ	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا

انتہائی شفیق نہایت مہربان ہے۔ پھر اگر وہ منہ موڑیں تو آپ کہہ دیں مجھے کافی ہے اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

١٦ ع ٧ ٥

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾

عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَهُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ	الْعَظِيْمِ
اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اور وہ	مالک	عرش	عظیم

میں نے اسی پر بھروسہ کیا، اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔

اٰیَاتُهَا ١٠٩ — ١٠ سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ ٥١ — رُكُوْعَاتُهَا ١١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	الْحَكِيْمِ	اَكَانَ	لِلنَّاسِ	عَجَبًا	اَنْ	اَوْحَيْنَآ	اِلٰى	رَجُلٍ
الٓرٰ	یہ	آیتیں	کتاب	حکمت والی	کیا ہوا	لوگوں کو	تعجب	کہ	ہم نے وحی بھیجی	طرف، پر	ایک آدمی

الٓرٰ۔ یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ کیا لوگوں کو تعجب ہوا؟ کہ ہم نے وحی بھیجی ایک آدمی پر

مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ

مِّنْهُمْ	اَنْ	اَنْذِرِ	النَّاسَ	وَبَشِّرِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اَنَّ	لَهُمْ	قَدَمَ	صِدْقٍ	عِنْدَ
ان سے	کہ	وہ ڈراتے	لوگ	اور خوشخبری دے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	کہ	ان کے لئے	پایہ	سچا	پاس

ان میں سے کہ وہ لوگوں کو ڈرائیے، اور ایمان والوں کو خوشخبری دے کہ ان کے لئے سچا پایہ (مقام) ہے

رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۲ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ

رَبِّهِمْ	قَالَ	الْكٰفِرُوْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ	اِنَّ	رَبَّكُمُ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	خَلَقَ
ان کا رب	بولے	کافر (جمع)	بیشک	یہ	کھلا جادوگر	بیشک	تمہارا رب	اللہ	وہ جس نے	پیدا کیا

ان کے رب کے پاس۔ کافر بولے بیشک یہ تو کھلا جادوگر ہے۔ بیشک تمہارا رب اللہ ہے، جس نے پیدا کیا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ	اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ
آسمانوں	اور زمین	میں	چھ	دن	پھر	قائم ہوا	عرش پر	تدبیر کرتا ہے	کام

چھ دنوں میں آسمانوں کو اور زمین کو پھر وہ عرش پر قائم ہوا، کام کی تدبیر کرتا ہے،

مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ

مَا	مِنْ	شَفِيْعٍ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	اِذْنِهٖ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ
نہیں	کوئی	سفارشی	مگر	بعد	اس کی اجازت	وہ ہے	اللہ	تمہارا رب	پس اس کی بندگی کرو

کوئی سفارش کرنے والا نہیں مگر اس کی اجازت کے بعد، وہ اللہ ہے تمہارا رب، پس اس کی بندگی کرو،

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۳ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	اِلَيْهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقًّا	اِنَّهٗ	يَبْدَؤُا الْخَلْقَ
سو کیا تم دھیان نہیں کرتے	اسی کی طرف	تمہارا لوٹ کر جانا	سب	وعدہ	اللہ	سچا	بیشک وہی	پہلی بار پیدا کرتا ہے

سو کیا تم دھیان نہیں دیتے ؟ اسی کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے، اللہ کا وعدہ سچا ہے، بیشک وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	بِالْقِسْطِ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
پھر	دوبارہ پیدا کریگا	تاکہ جزا دے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک (جمع)	انصاف کے ساتھ	اور وہ لوگ جو	کفر کیا

پھر اس کو دوبارہ پیدا کرے گا، تاکہ ان لوگوں کو انصاف کے ساتھ جزا دے، جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، اور جن لوگوں نے کفر کیا

لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝۴ هُوَ الَّذِيْ

الَّذِيْ	هُوَ	كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ	بِمَا	اَلِيْمٌ	وَعَذَابٌ	حَمِيْمٍ	مِّنْ	شَرَابٌ	لَهُمْ
جس نے	وہ	وہ کفر کرتے تھے	کیونکہ	دردناک	اور عذاب	کھولتا ہوا	سے	پینا ہے (پانی)	اُن کے لئے

ان کے لئے کھولتا ہوا پانی ہے، اور دردناک عذاب ہے، کیونکہ وہ کفر کرتے تھے۔ وہی ہے جس نے

جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ

السِّنِيْنَ	عَدَدَ	لِتَعْلَمُوْا	مَنَازِلَ	وَقَدَّرَهٗ	نُوْرًا	وَالْقَمَرَ	ضِيَآءً	الشَّمْسَ	جَعَلَ
برس (جمع)	گنتی	تاکہ تم جان لو	منزلیں	اور مقرر کر دیں اس کی	نور (چمکتا)	اور چاند	جگمگاتا	سورج	بنایا

سورج کو جگمگاتا اور چاند کو چمکتا بنایا، اور اس کی منزلیں مقرر کر دیں تاکہ تم برسوں کی گنتی جان لو

وَالْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۵

يَعْلَمُوْنَ	لِقَوْمٍ	الْاٰيٰتِ	يُفَصِّلُ	بِالْحَقِّ	اِلَّا	ذٰلِكَ	اللّٰهُ	مَا خَلَقَ	وَالْحِسَابَ
علم والوں کے لئے		نشانیاں	وہ کھول کر بیان کرتا ہے	حق (درست تدبیر سے)	مگر	یہ	اللہ	نہیں پیدا کیا	اور حساب

اور حساب، اللہ نے یہ نہیں پیدا کیا مگر درست تدبیر سے، وہ علم والوں کے لئے نشانیاں کھول کر بیان کرتا ہے۔

اِنَّ فِيْ اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ

لَاٰيٰتٍ	وَالْاَرْضِ	فِي السَّمٰوٰتِ	خَلَقَ اللّٰهُ	وَمَا	وَالنَّهَارِ	الَّيْلِ	اخْتِلَافِ	فِيْ	اِنَّ
نشانیاں ہیں	اور زمین	آسمانوں میں	اللہ نے پیدا کیا	اور جو	اور دن	رات	بدلنا	میں	بیشک

بیشک رات اور دن کے بدلنے میں، اور جو اللہ نے آسمانوں میں اور زمین میں پیدا کیا (اس میں) نشانیاں ہیں

لِقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝۶ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

الدُّنْيَا	بِالْحَيٰوةِ	رَضُوْا	وَ	لِقَآءَنَا	لَا يَرْجُوْنَ	الَّذِيْنَ	اِنَّ	لِقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ
دنیا	زندگی پر	وہ راضی ہوگئے	اور	ہمارا ملنا	امید نہیں رکھتے	وہ لوگ جو	بیشک	پرہیزگاروں کے لئے

پرہیزگاروں کے لئے۔ بیشک جو لوگ ہمارے ملنے کی امید نہیں رکھتے، اور وہ دنیا کی زندگی پر راضی ہوگئے

وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝۷ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ

النَّارُ	مَاْوٰىهُمُ	اُولٰٓئِكَ	غٰفِلُوْنَ	اٰيٰتِنَا	عَنْ	هُمْ	وَالَّذِيْنَ	بِهَا	وَاطْمَاَنُّوْا
جہنم	ان کا ٹھکانہ	یہی لوگ	غافل (جمع)	ہماری آیات	سے	وہ	اور جو لوگ	اس پر	اور وہ مطمئن ہوگئے

اور اس پر مطمئن ہوگئے، اور جو لوگ ہماری آیتوں سے غافل ہیں، یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ جہنم ہے،

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ⑧ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ

بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	يَهْدِيْهِمْ	رَبُّهُمْ
اس کا بدلہ جو	وہ کماتے تھے	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	انہیں راہ دکھائے گا	ان کا رب

اس کا بدلہ جو وہ کماتے تھے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کا رب انہیں راہ دکھائے گا

بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ⑨ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا

بِاِيْمَانِهِمْ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهِمُ	الْاَنْهٰرُ	فِيْ	جَنّٰتِ	النَّعِيْمِ	دَعْوٰىهُمْ	فِيْهَا
ان کے ایمان کی بدولت	بہتی ہوں گی	سے	ان کے نیچے	نہریں	میں	باغات	نعمت	ان کی دعا	اس میں

ان کے ایمان کی بدولت (ایسے محلات کی) ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، نعمت کے باغات میں۔ اس میں ان کی دعا (ہوگی)

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

سُبْحٰنَكَ	اللّٰهُمَّ	وَتَحِيَّتُهُمْ	فِيْهَا	سَلٰمٌ	وَاٰخِرُ	دَعْوٰىهُمْ	اَنِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ
پاک ہے تو	اے اللہ	اور ملاقات کے وقت کی دعا	اس میں	سلام	اور خاتمہ	ان کی دعا	کہ	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے

اے اللہ! تو پاک ہے، اور اس میں انکی وقتِ ملاقات کی دعا "سلام" ہے، اور ان کی دعا کا خاتمہ ہے "تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں

١ ع١٠ ٦

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑩ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ

رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	وَلَوْ	يُعَجِّلُ	اللّٰهُ	لِلنَّاسِ	الشَّرَّ	اسْتِعْجَالَهُمْ	بِالْخَيْرِ	لَقُضِيَ
رب	سارے جہان	اور اگر	جلد بھیجتا	اللہ	لوگوں کو	برائی	جلد چاہتے ہیں	بھلائی	تو پھر ہو چکی ہوتی

جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو جلد برائی بھیجتا جیسے وہ جلد بھلائی چاہتے ہیں تو پوری ہو چکی ہوتی

اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ۭ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ⑪

اِلَيْهِمْ	اَجَلُهُمْ	فَنَذَرُ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَاۗءَنَا	فِيْ	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ
ان کی طرف	ان کی عمر کی میعاد	پس ہم چھوڑ دیتے ہیں	وہ لوگ جو	وہ امید نہیں رکھتے	ہماری ملاقات	میں	ان کی سرکشی	وہ بہکتے ہیں

اُن کی عمر کی میعاد، پس ہم ان لوگوں کو جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے سرکشی میں بہکتے چھوڑ دیتے ہیں۔

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَاۗىِٕمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا

وَاِذَا	مَسَّ	الْاِنْسَانَ	الضُّرُّ	دَعَانَا	لِجَنْۢبِهٖٓ	اَوْ	قَاعِدًا	اَوْ	قَاۗىِٕمًا	فَلَمَّا	كَشَفْنَا
اور جب	پہنچتی ہے	انسان	کوئی تکلیف	وہ ہمیں پکارتا ہے	اپنے پہلو پر لیٹا ہوا	یا (اور)	بیٹھا ہوا	یا (اور)	کھڑا ہوا	پھر جب	ہم دور کر دیں

اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ لیٹا ہوا، اور بیٹھا ہوا، اور کھڑا ہوا ہمیں پکارتا ہے، پھر جب ہم دور کر دیں

عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ

عَنْهُ	ضُرَّهٗ	مَرَّ	كَاَنْ	لَّمْ يَدْعُنَاۤ	اِلٰى	ضُرٍّ	مَّسَّهٗ	كَذٰلِكَ	زُيِّنَ	لِلْمُسْرِفِيْنَ
اس سے	اسکی تکلیف	چل پڑا	گو یا کہ	ہمیں پکارا نہ تھا	کسی	تکلیف	اسے پہنچی	اسی طرح	بھلا کر دکھایا	حد سے بڑھنے والوں کو

اس سے اس کی تکلیف، تو (یوں) چل پڑا گو یا کہ کسی تکلیف میں جو اسے پہنچی، اس نے ہمیں پکارا ہی نہ تھا، اسی طرح حد سے بڑھنے والوں کو بھلا کر دکھایا

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَآءَتْهُمْ

مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا	الْقُرُوْنَ	مِنْ	قَبْلِكُمْ	لَمَّا	ظَلَمُوْا	وَجَآءَتْهُمْ
جو	وہ کرتے تھے (ان کے کام)	اور ہم نے ہلاک کردیں	اُمتیں	سے	تم سے پہلے	جب	انہوں نے ظلم کیا	اور انکے پاس آئے

وہ کام جو وہ کرتے تھے ۔ اور ہم نے تم سے پہلے کئی اُمتیں ہلاک کردیں جب انہوں نے ظلم کیا، اور ان کے پاس آئے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ

رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	وَمَا	كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا	كَذٰلِكَ	نَجْزِى	الْقَوْمَ	الْمُجْرِمِيْنَ	ثُمَّ
ان کے رسول	کھلی نشانیوں کے ساتھ	اور نہ	ایمان لانے تھے	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	قوم	مجرموں کی	پھر

اُن کے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ اور وہ ایمان نہ لاتے تھے، اسی طرح ہم مجرموں کی قوم کو بدلہ دیتے ہیں۔ پھر

جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِى الْاَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى

جَعَلْنٰكُمْ	خَلٰٓئِفَ	فِى الْاَرْضِ	مِنْ بَعْدِهِمْ	لِنَنْظُرَ	كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ	وَاِذَا	تُتْلٰى
ہم نے بنایا تمہیں	جانشین	زمین میں	ان کے بعد	تاکہ ہم دیکھیں	کیسے	تم کام کرتے ہو	اور جب	پڑھی جاتی ہیں

ہم نے تمہیں زمین میں ان کے بعد جانشین بنایا تاکہ ہم دیکھیں تم کیسے کام کرتے ہو۔ اور جب پڑھی جاتی ہیں

عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَاۤ

عَلَيْهِمْ	اٰيَاتُنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا	ائْتِ	بِقُرْاٰنٍ	غَيْرِ هٰذَاۤ
ان پر (ان کے سامنے)	ہماری آیات	واضح	کہتے ہیں	وہ لوگ جو	امید نہیں رکھتے	ہم سے ملنے کی	تم لے آؤ	کوئی قرآن	اس کے علاوہ

ان کے سامنے ہماری واضح آیتیں، تو جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے وہ کہتے ہیں، اس کے علاوہ تم کوئی اور قرآن لے آؤ

اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِىْۤ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِىْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا

اَوْ	بَدِّلْهُ	قُلْ	مَا يَكُوْنُ	لِىْۤ	اَنْ	اُبَدِّلَهٗ	مِنْ	تِلْقَآئِ	نَفْسِىْ	اِنْ اَتَّبِعُ	اِلَّا مَا
یا	بدل دو اسے	آپ کہہ دیں	نہیں ہے	میرے لئے	کہ	اُسے بدلوں	سے	جانب	اپنی	میں نہیں پیروی کرتا	مگر جو

یا اسے بدل دو، آپ کہہ دیں میرے لئے (روا) نہیں کہ میں اپنی جانب سے بدلوں ، میں پیروی نہیں کرتا مگر

يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥﴾ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ

يُوْحٰٓى	اِلَيَّ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اِنْ	عَصَيْتُ	رَبِّيْ	عَذَابَ	يَوْمٍ	عَظِيْمٍ	قُلْ	لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ
وحی کی جاتی ہے	میری طرف	بیشک میں	ڈرتا ہوں	اگر	میں نے نافرمانی کی	اپنا رب	عذاب	دن	بڑا	آپ کہہ دیں	اگر چاہتا اللہ

(اُس کی) جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں - آپ کہہ دیں اگر اللہ چاہتا

مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۡ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ۭ اَفَلَا

مَا تَلَوْتُهٗ	عَلَيْكُمْ	وَلَآ اَدْرٰىكُمْ	بِهٖ	فَقَدْ لَبِثْتُ	فِيْكُمْ	عُمُرًا	مِّنْ قَبْلِهٖ	اَفَلَا
نہ پڑھتا میں اسے	تم پر	اور نہ خبر دیتا تمہیں	اس کی	تحقیق میں رہ چکا ہوں	تم میں	ایک عمر	اس سے پہلے	سو کیا نہ

تو میں اسے تم پر (تمہارے سامنے) نہ پڑھتا، اور نہ تمہیں اس کی خبر دیتا، میں اس سے پہلے تم میں ایک عمر رہ چکا ہوں ، سو کیا

تَعْقِلُوْنَ ﴿١٦﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ

تَعْقِلُوْنَ	فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَي اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ	بِاٰيٰتِهٖ	اِنَّهٗ
عقل سے کام لیتے تم	سو کون	بڑا ظالم	اس سے جو	باندھے	اللہ پر	جھوٹ	یا جھٹلائے	اس کی آیتوں کو	بیشک وہ

تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ سو اس سے بڑا ظالم کون ہے؟ جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے ، بیشک

لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿١٧﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّھُمْ وَلَا يَنْفَعُھُمْ

لَا يُفْلِحُ	الْمُجْرِمُوْنَ	وَيَعْبُدُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مَا	لَا يَضُرُّھُمْ	وَ	لَا يَنْفَعُھُمْ
فلاح نہیں پاتے	مجرم (جمع)	اور وہ پوجتے ہیں	سے	اللہ کے سوا	جو	نہ ضرر پہنچا سکے انہیں	اور	نہ نفع دے سکے انہیں

مجرم فلاح (دو جہان کی کامیابی) نہیں پاتے - اور وہ اللہ کے سوا انہیں پوجتے ہیں جو انہیں نہ ضرر پہنچا سکیں اور نہ نفع دے سکیں،

وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَاۗءِ شُفَعَاۗؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ قُلْ اَتُنَبِّــــُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ

وَ	يَقُوْلُوْنَ	هٰٓؤُلَاۗءِ	شُفَعَاۗؤُنَا	عِنْدَ اللّٰهِ	قُلْ	اَتُنَبِّــــُٔوْنَ	اللّٰهَ	بِمَا	لَا يَعْلَمُ
اور	وہ کہتے ہیں	یہ سب	ہمارے سفارشی	اللہ کے پاس	آپ کہہ دیں	کیا تم خبر دیتے ہو	اللہ	اس کی جو	وہ نہیں جانتا

اور وہ کہتے ہیں یہ سب اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں - آپ کہہ دیں کیا تم اللہ کو اس کی خبر دیتے ہو جو وہ نہیں جانتا

فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿١٨﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ

فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	لَا	فِي الْاَرْضِ	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	وَمَا كَانَ	النَّاسُ
آسمانوں میں	اور	نہ	زمین میں	وہ پاک ہے	اور بالاتر	اس سے جو	وہ شرک کرتے ہیں	اور نہ تھے	لوگ

آسمانوں میں اور نہ زمین میں ، وہ پاک ہے اور وہ بالاتر ہے اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں - اور لوگ نہ تھے

إِلَّآ أُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ۗ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ

إِلَّآ	أُمَّةً وَّاحِدَةً	فَاخْتَلَفُوْا	وَلَوْ	لَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ	رَّبِّكَ	لَقُضِيَ
مگر	امتِ واحد	پھر انہوں نے اختلاف کیا	اور اگر	نہ	بات	پہلے ہو چکی	سے	تیرا رب	تو فیصلہ ہو جاتا

مگر امتِ واحد، پھر اُنہوں نے اختلاف کیا، اور اگر تیرے رب کی طرف سے پہلے بات نہ ہو چکی ہوتی تو فیصلہ ہو جاتا

بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ أُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ

بَيْنَهُمْ	فِيْمَا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	لَوْ	لَآ أُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ رَّبِّهٖ
ان کے درمیان	اس میں جو	اس میں	وہ اختلاف کرتے ہیں	اور	وہ کہتے ہیں	اگر۔کیوں	نہ اُتری	اس پر	کوئی نشانی	اس کے رب سے

اُن کے درمیان (اس بات کا) جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں اس کے رب کی طرف سے اس پر کوئی نشانی کیوں نہ اُتری؟

فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ إِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَإِذَآ أَذَقْنَا

فَقُلْ	إِنَّمَا	الْغَيْبُ	لِلّٰهِ	فَانْتَظِرُوْا	إِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِّنَ	الْمُنْتَظِرِيْنَ	وَإِذَا	أَذَقْنَا
تو کہدیں	اسکے سوا نہیں	غیب	اللہ کیلئے	سو تم انتظار کرو	میں	تمہارے ساتھ	سے	انتظار کرنے والے	اور جب	ہم چکھائیں

تو آپ کہدیں اس کے سوا نہیں کہ غیب اللہ کے لئے ہے، سو تم انتظار کرو، میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ اور جب ہم چکھائیں

النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ

النَّاسَ	رَحْمَةً	مِّنْ بَعْدِ	ضَرَّآءَ	مَسَّتْهُمْ	إِذَا	لَهُمْ	مَّكْرٌ	فِيْ	اٰيَاتِنَا	قُلِ	اللّٰهُ
لوگ	رحمت	بعد	تکلیف	انہیں پہنچی	اس وقت	انکے لئے	حیلہ	میں	ہماری آیات	آپ کہدیں	اللہ

لوگوں کو رحمت (کا مزہ) ایک تکلیف کے بعد جو انہیں پہنچی تھی تو اسی وقت وہ ہماری آیات میں حیلہ (بنانے لگیں)، آپ کہہ دیں اللہ

أَسْرَعُ مَكْرًا ۭ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ

أَسْرَعُ	مَكْرًا	إِنَّ	رُسُلَنَا	يَكْتُبُوْنَ	مَا تَمْكُرُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	يُسَيِّرُكُمْ	فِي الْبَرِّ
سب سے جلد	خفیہ تدبیر	بیشک	ہمارے فرشتے	وہ لکھتے ہیں	جو تم حیلہ سازی کرتے ہو	وہی	جو کہ	تمہیں چلاتا ہے	خشکی میں

سب سے جلد خفیہ تدبیر (بنا سکتا ہے)، بیشک تم جو حیلہ سازی کرتے ہو ہمارے فرشتے لکھتے ہیں۔ وہی ہے جو تمہیں چلاتا ہے خشکی میں

وَالْبَحْرِ ۭ حَتّٰٓى إِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا

وَالْبَحْرِ	حَتّٰى	إِذَا	كُنْتُمْ	فِي الْفُلْكِ	وَجَرَيْنَ	بِهِمْ	بِرِيْحٍ	طَيِّبَةٍ	وَفَرِحُوْا	بِهَا
اور دریا	یہاں تک	جب	تم ہو	کشتی میں	اور وہ چلیں	ان کے ساتھ	ہوا کے ساتھ	پاکیزہ	اور وہ خوش ہوئے	اس سے

اور دریا میں، یہاں تک کہ جب تم کشتی میں ہو اور وہ ان کے ساتھ (انہیں لیکر) پاکیزہ ہوا کے ساتھ چلیں، اور وہ اس سے خوش ہوئے

جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

جَآءَتْهَا	رِيْحٌ	عَاصِفٌ	وَجَآءَهُمُ	الْمَوْجُ	مِنْ	كُلِّ مَكَانٍ	وَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ
اس پر آئی	ایک ہوا	تند و تیز	اور ان پر آئی	موج	سے	ہر جگہ (ہر طرف)	اور انہوں نے جان لیا	کہ وہ

اس (کشتی) پر ایک تند و تیز ہوا آئی، اور ان پر ہر طرف سے موجیں آگئیں، اور انہوں نے جان لیا کہ

اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ

اُحِيْطَ	بِهِمْ	دَعَوُا	اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ	لَئِنْ	اَنْجَيْتَنَا	مِنْ	هٰذِهٖ
گھیر لیا گیا	انہیں	وہ پکارنے لگے	اللہ	خالص ہو کر	اس کے	دین (بندگی)	البتہ اگر	تو نجات دے ہمیں	سے	اس

انہیں گھیر لیا گیا ہے، وہ اللہ کو پکارنے لگے اس کی بندگی میں خالص ہو کر، کہ اگر تو نے ہمیں اس سے نجات دے دی

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ

لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الشّٰكِرِيْنَ	فَلَمَّا	اَنْجٰىهُمْ	اِذَا	هُمْ	يَبْغُوْنَ	فِي	الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ
تو ہم ضرور ہوں گے	سے	شکر گزار (جمع)	پھر جب	انہیں نجات دیدی	اس وقت	وہ	سرکشی کرنے لگے	میں	زمین	ناحق

تو ہم ضرور تیرے شکر گزاروں میں سے ہوں گے۔ پھر جب اس نے انہیں نجات دے دی اس وقت وہ زمین میں ناحق سرکشی کرنے لگے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اِنَّمَا	بَغْيُكُمْ	عَلٰٓى	اَنْفُسِكُمْ	مَتَاعَ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	ثُمَّ	اِلَيْنَا	مَرْجِعُكُمْ
اے لوگو	اس کے سوا نہیں	تمہاری شرارت	پر	تمہاری جانیں	فائدے	زندگی	دنیا	پھر	ہماری طرف	تمہیں لوٹنا

اے لوگو! اس کے سوا نہیں کہ تمہاری شرارت (کا وبال) تمہاری جانوں پر ہے، دنیا کی زندگی کے فائدے (چند روزہ ہیں) پھر تمہیں ہماری طرف لوٹنا ہے

فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

فَنُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّمَا	مَثَلُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	كَمَآءٍ	اَنْزَلْنٰهُ	مِنَ السَّمَآءِ
پھر ہم تبلا دیں گے تمہیں	وہ جو	تم کرتے	تھے	اس کے سوا نہیں	مثال	دنیا کی زندگی	جیسے پانی	ہم نے اسے اتارا	آسمان سے

پھر ہم تمہیں تبلا دیں گے جو تم کرتے تھے۔ اس کے سوا نہیں کہ دنیا کی زندگی کی مثال پانی جیسی ہے، ہم نے اسے آسمان سے اتارا

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَ الْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ

فَاخْتَلَطَ	بِهٖ	نَبَاتُ الْاَرْضِ	مِمَّا	يَاْكُلُ	النَّاسُ	وَ	الْاَنْعَامُ	حَتّٰى	اِذَا
تو ملا جلا نکلا	اس سے	زمین کا سبزہ	جس سے	کھاتے ہیں	لوگ	اور	چوپائے	یہاں تک کہ	جب

تو اس سے زمین کا سبزہ ملا جلا نکلا، جس سے لوگ اور چوپائے کھاتے ہیں، یہاں تک کہ جب

أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَآ أَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ

أَخَذَتِ	الْأَرْضُ	زُخْرُفَهَا	وَ	ازَّيَّنَتْ	وَظَنَّ	أَهْلُهَا	أَنَّهُمْ	قٰدِرُوْنَ	عَلَيْهَا
پکڑ لی	زمین	اپنی رونق	اور	مزین ہوگئی	اور خیال کیا	زمین والے	کہ وہ	قدرت رکھتے ہیں	اس پر

زمین نے اپنی رونق پکڑ لی، اور وہ مزین ہوگئی، اور زمین والوں نے خیال کیا کہ وہ اس پر قدرت رکھتے ہیں

أَتٰهَآ أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ ۗ

أَتٰهَا	أَمْرُنَا	لَيْلًا	أَوْ نَهَارًا	فَجَعَلْنٰهَا	حَصِيْدًا	كَأَنْ	لَمْ تَغْنَ	بِالْأَمْسِ
اس پر آیا	ہمارا حکم	رات میں	یا دن کے وقت	تو ہم نے کر دیا	کٹا ہوا ڈھیر	گویا کہ	وہ نہ تھی	کل

تو اس پر (اچانک) ہمارا حکم رات میں یا دن کے وقت آیا، تو ہم نے اسے کٹا ہوا ڈھیر کر دیا گویا وہ کل تھی ہی نہیں،

كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْأٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا إِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۗ

كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْأٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ	وَاللّٰهُ	يَدْعُوْا	إِلٰى	دَارِ السَّلٰمِ
اسی طرح	ہم کھول کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	لوگوں کے لئے	جو غور و فکر کرتے ہیں	اور اللہ	بلاتا ہے	طرف	سلامتی کا گھر

اسی طرح ہم آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو غور و فکر کرتے ہیں۔ اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے،

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٥﴾ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا الْحُسْنٰى

وَيَهْدِيْ	مَنْ يَّشَآءُ	إِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	لِلَّذِيْنَ	أَحْسَنُوا	الْحُسْنٰى
اور ہدایت دیتا ہے	جسے وہ چاہے	طرف	راستہ	سیدھا	وہ لوگ جو کہ	انہوں نے بھلائی کی	بھلائی ہے

اور جسے چاہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لئے بھلائی ہے

وَزِيَادَةٌ ۗ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ۗ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ

وَزِيَادَةٌ	وَلَا يَرْهَقُ	وُجُوْهَهُمْ	قَتَرٌ	وَلَا ذِلَّةٌ	أُولٰٓئِكَ	أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ
اور زیادہ	اور نہ چڑھے گی	ان کے چہرے	سیاہی	اور نہ ذلت	وہی لوگ	جنت والے

اور (اس سے بھی) زیادہ، اور ان کے چہروں پر نہ سیاہی چڑھے گی اور نہ ذلت، وہی لوگ جنت والے ہیں،

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	كَسَبُوْا	السَّيِّاٰتِ	جَزَآءُ	سَيِّئَةٍ	بِمِثْلِهَا
وہ سب	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اور وہ لوگ جو	انہوں نے کمائیں	برائیاں	بدلہ	برائی	اس جیسا

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جن لوگوں نے برائیاں کمائیں (ان کا) بدلہ اسی جیسی برائی ہے،

وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ

وَتَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	مَا لَهُمْ	مِّنَ	اللّٰهِ	مِنْ	عَاصِمٍ	كَاَنَّمَآ	اُغْشِيَتْ	وُجُوْهُهُمْ
اور اُن پر چڑھے گی	ذلّت	ان کے لئے نہیں	سے	اللہ	کوئی	بچانے والا	گویا کہ	ڈھانک دیئے گئے	ان کے چہرے

اور اُن پر ذلّت چڑھے گی ، ان کے لئے اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں ، گویا ان کے چہرے ڈھانک دیئے گئے

قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٧﴾

قِطَعًا	مِّنَ	الَّيْلِ	مُظْلِمًا	اُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ
ٹکڑے	سے	رات	تاریک	وہی لوگ	جہنم والے	وہ سب	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

تاریک رات کے ٹکڑے سے ، وہی لوگ جہنم والے ہیں ، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَ

وَيَوْمَ	نَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	نَقُوْلُ	لِلَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا	مَكَانَكُمْ	اَنْتُمْ	وَ
اور جس دن	ہم اکٹھا کریں گے انہیں	سب	پھر	ہم کہیں گے	ان لوگوں کو	جنہوں نے شرک کیا	اپنی جگہ	تم	اور

اور جس دن ہم اُن سب کو اکٹھا کریں گے پھر ان لوگوں کو کہیں گے جنہوں نے شرک کیا اپنی اپنی جگہ (رہو) تم اور

شُرَكَاۗؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاۗؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٢٨﴾

شُرَكَاۗؤُكُمْ	فَزَيَّلْنَا	بَيْنَهُمْ	وَقَالَ	شُرَكَاۗؤُهُمْ	مَّا كُنْتُمْ	اِيَّانَا	تَعْبُدُوْنَ
تمہارے شریک	پھر ہم جدائی ڈال دیں گے	انکے درمیان	اور کہیں گے	ان کے شریک	تم نہ تھے	ہماری	تم بندگی کرتے

تمہارے شریک، پھر ہم ان کے درمیان جدائی ڈال دیں گے، اور اُن کے شریک کہیں گے، تم ہماری بندگی نہ کرتے تھے۔

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿٢٩﴾

فَكَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًۢا	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكُمْ	اِنْ	كُنَّا	عَنْ	عِبَادَتِكُمْ	لَغٰفِلِيْنَ
پس کافی	اللہ	گواہ	ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	کہ	ہم تھے	سے	تمہاری بندگی	البتہ بے خبر (جمع)

پس ہمارے اور تمہارے درمیان کافی ہے اللہ گواہ ، کہ ہم تمہاری بندگی سے بے خبر تھے۔

هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ

هُنَالِكَ	تَبْلُوْا	كُلُّ نَفْسٍ	مَا	اَسْلَفَتْ	وَرُدُّوْٓا	اِلَى	اللّٰهِ	مَوْلٰىهُمُ	الْحَقِّ
وہاں	جانچ لے گا	ہر کوئی	جو	اس نے بھیجا	اور وہ لوٹائے جائینگے	طرف	اللہ	ان کا (اپنا) مولیٰ	سچا

وہاں ہر کوئی جانچ لے گا جو اس نے آگے بھیجا تھا اور وہ اپنے سچے مولیٰ اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٣٠﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	قُلْ	مَنْ	يَّرْزُقُكُمْ	مِّنَ	السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ
اور گم ہو جائے گا	ان سے	جو	وہ جھوٹ باندھتے تھے	آپ پوچھیں	کون	رزق دیتا ہے تمہیں	سے	آسمان	اور زمین

اور اُن سے گم ہو جائے گا جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ آپ پوچھیں کون آسمان اور زمین سے تمہیں رزق دیتا ہے؟

اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ

اَمَّنْ	يَّمْلِكُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَمَنْ	يُّخْرِجُ	الْحَيَّ	مِنَ	الْمَيِّتِ	وَيُخْرِجُ
یا کون	مالک ہے	کان	اور آنکھیں	اور کون	نکالتا ہے	زندہ	سے	مُردہ	اور نکالتا ہے

یا کون کان اور آنکھوں کا مالک ہے؟ اور کون زندے کو مُردے سے نکالتا ہے؟ اور نکالتا ہے

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٣١﴾

الْمَيِّتَ	مِنَ	الْحَيِّ	وَمَنْ	يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	اللّٰهُ	فَقُلْ	اَفَلَا تَتَّقُوْنَ
مُردہ	سے	زندہ	اور کون	تدبیر کرتا ہے کام	سو وہ بول اٹھیں گے	اللہ	آپ کہہ دیں	کیا پھر تم نہیں ڈرتے

مُردے کو زندہ سے؟ اور کون کاموں کی تدبیر کرتا ہے؟ سو وہ بول اُٹھیں گے، اللہ! آپ کہہ دیں کیا پھر تم ڈرتے نہیں؟

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿٣٢﴾

فَذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمُ	الْحَقُّ	فَمَاذَا	بَعْدَ الْحَقِّ	اِلَّا	الضَّلٰلُ	فَاَنّٰى	تُصْرَفُوْنَ
پس یہ ہے تمہارا	اللہ	تمہارا رب	سچا	پھر کیا رہ گیا	سچ کے بعد	سوائے	گمراہی	پس کدھر	تم پھرے جاتے ہو

پس یہ ہے اللہ! تمہارا سچا رب، پھر سچ کے بعد گمراہی کے سوا کیا رہ گیا؟ پھر تم کدھر پھرے جاتے ہو؟

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾ قُلْ

كَذٰلِكَ	حَقَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	فَسَقُوْٓا	اَنَّهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	قُلْ
اسی طرح	سچی ہوئی	بات	تیرا رب	پر	وہ لوگ جو	انہوں نے نافرمانی کی	کہ وہ	ایمان نہ لائیں گے	آپ پوچھیں

اسی طرح تیرے رب کی بات ان لوگوں پر جنہوں نے نافرمانی کی سچی ہوئی کہ وہ ایمان نہ لائیں گے۔ آپ پوچھیں

هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ

هَلْ	مِنْ	شُرَكَآئِكُمْ	مَّنْ	يَّبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	قُلِ	اللّٰهُ	يَبْدَؤُا	الْخَلْقَ
کیا	سے	تمہارے شریک	جو	پہلی بار پیدا کرے	مخلوق	پھر اسے لوٹائے	آپ کہہ دیں	اللہ	پہلی بار پیدا کرتا ہے	مخلوق

کیا تمہارے شریکوں میں سے کوئی ہے؟ جو پہلی بار مخلوق پیدا کرے، پھر اسے لوٹائے؟ آپ کہہ دیں اللہ پہلی بار پیدا کرتا ہے

ثُمَّ يُعِيدُهُ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ ﴿۳۴﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَائِكُمْ مَنْ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ

ثُمَّ	يُعِيدُهُ	فَأَنَّى	تُؤْفَكُونَ	قُلْ	هَلْ	مِنْ	شُرَكَائِكُمْ	مَنْ	يَهْدِي	إِلَى الْحَقِّ
پھر	اسے لوٹائے گا	پس کدھر	پلٹے جاتے ہو تم	آپ ؐ پوچھیں	کیا	سے	تمہارے شریک	جو	راہ بتائے	حق کی طرف (صحیح)

پھر اسے لوٹائے گا، پس تم کدھر پلٹے جاتے ہو؟ آپ ؐ پوچھیں کیا تمہارے شریکوں میں سے (کوئی ہے) جو صحیح راہ بتائے؟

قُلِ اللَّهُ يَهْدِي لِلْحَقِّ ۗ أَفَمَنْ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ أَحَقُّ أَنْ يُتَّبَعَ أَمَّنْ

قُلِ	اللَّهُ	يَهْدِي	لِلْحَقِّ	أَفَمَنْ	يَهْدِي	إِلَى الْحَقِّ	أَحَقُّ	أَنْ	يُتَّبَعَ	أَمَّنْ
آپ ؐ کہہ دیں	اللہ	راہ بتاتا ہے	صحیح	پس کیا جو	راہ بتاتا ہے	حق کی طرف (صحیح)	زیادہ حقدار	کہ	پیروی کی جائے	یا جو

آپ ؐ کہہ دیں اللہ صحیح راہ بتاتا ہے، کیا جو صحیح راہ بتاتا ہے زیادہ حقدار ہے کہ اس کی پیروی کی جائے؟ یا وہ جو (خود بھی)

لَا يَهِدِّي إِلَّا أَنْ يُهْدَى ۖ فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿۳۵﴾ وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ

لَا يَهِدِّي	إِلَّا	أَنْ	يُهْدَى	فَمَا لَكُمْ	كَيْفَ	تَحْكُمُونَ	وَ	مَا يَتَّبِعُ	أَكْثَرُهُمْ
وہ راہ نہیں پاتا	مگر	یہ کہ	اسے راہ دکھائی جائے	سو تمہیں کیا ہوا	کیسا	تم فیصلہ کرتے ہو	اور	پیروی نہیں کرتے	ان کے اکثر

راہ نہیں پاتا مگر یہ کہ اُسے راہ دکھائی جائے، سو تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کیا فیصلہ کرتے ہو؟ اور اُن میں سے اکثر پیروی نہیں کرتے

إِلَّا ظَنًّا ۚ إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿۳۶﴾

إِلَّا ظَنًّا	إِنَّ	الظَّنَّ	لَا يُغْنِي	مِنَ	الْحَقِّ	شَيْئًا	إِنَّ	اللَّهَ	عَلِيمٌ	بِمَا	يَفْعَلُونَ
مگر گمان	بیشک	گمان	نہیں کام دیتا	سے (کا)	حق	کچھ بھی	بیشک	اللہ	خوب جانتا ہے	وہ جو	وہ کرتے ہیں

مگر گمان کی، بیشک گمان حق (کی معرفت) کا کچھ بھی کام نہیں دیتا، بیشک اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَنْ يُفْتَرَىٰ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِنْ تَصْدِيقَ الَّذِي

وَ	مَا كَانَ	هَٰذَا	الْقُرْآنُ	أَنْ يُفْتَرَىٰ	مِنْ	دُونِ اللَّهِ	وَلَٰكِنْ	تَصْدِيقَ	الَّذِي
اور	نہیں ہے	یہ۔ اس	قرآن	کہ وہ بنالے	سے	اللہ کے بغیر	اور لیکن	تصدیق	اس کی جو

اور یہ قرآن (ایسا) نہیں کہ کوئی اللہ کے (حکم کے) بغیر (اپنی طرف سے) بنالے، لیکن [illegible] کی تصدیق کرنے والا ہے جو

بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿۳۷﴾

بَيْنَ يَدَيْهِ	وَتَفْصِيلَ	الْكِتَابِ	لَا رَيْبَ	فِيهِ	مِنْ	رَبِّ	الْعَالَمِينَ
اس سے پہلے	اور تفصیل	کتاب	کوئی شک نہیں	اس میں	سے	رب	تمام جہانوں

اس سے پہلے (نازل ہوا) اور کتاب کی تفصیل ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ تمام جہانوں کے رب (کی طرف) سے ہے۔

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم

أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرَاهُ	قُلْ	فَأْتُوا	بِسُورَةٍ	مِّثْلِهِ	وَادْعُوا	مَنِ	اسْتَطَعْتُم
کیا	وہ کہتے ہیں	وہ اسے بنالایا ہے	آپ کہدیں	پس لے آؤ تم	ایک ہی سورت	اس جیسی	اور بلالو تم	جسے	تم بلا سکو

کیا وہ کہتے ہیں، کہ وہ اسے بنا لایا ہے، آپ کہدیں پس تم اس جیسی ایک ہی سورت لے آؤ اور جسے تم بلا سکو، بلا لو،

مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ

مِنْ	دُوْنِ اللهِ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	بَلْ	كَذَّبُوْا	بِمَا	لَمْ يُحِيْطُوْا	بِعِلْمِهٖ
سے	اللہ کے سوا	اگر	تم ہو	سچے	بلکہ	انہوں نے جھٹلایا	وہ جو	نہیں قابو پایا	اس کے علم پر

اللہ کے سوا، اگر تم سچے ہو۔ بلکہ اُنہوں نے اسے جھٹلایا جس کے علم پر اُنہوں نے قابو نہیں پایا،

وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ

وَلَمَّا	يَأْتِهِمْ	تَأْوِيلُهُ	كَذٰلِكَ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
اور ابھی نہیں	انکے پاس آئی	اس کی حقیقت	اسی طرح	جھٹلایا	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	پس آپ دیکھیں	کیسا	ہوا

اور اس کی حقیقت ابھی اُن کے پاس نہیں آئی، اسی طرح ان سے پہلوں نے جھٹلایا، پس آپ دیکھیں کیسا ہوا

عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَ

عَاقِبَةُ	الظّٰلِمِيْنَ	وَمِنْهُمْ	مَنْ	يُّؤْمِنُ	بِهٖ	وَمِنْهُمْ	مَنْ	لَا يُؤْمِنُ	بِهٖ	وَ
انجام	ظالم (جمع)	اور ان میں سے	جو (بعض)	ایمان لائیں گے	اس پر	اور ان میں سے	جو (بعض)	نہیں ایمان لائیں گے	اس پر	اور

ظالموں کا انجام؟ اور ان میں سے بعض اس پر ایمان لائیں گے، اور ان میں سے بعض اس پر ایمان نہ لائیں گے، اور

رَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾ وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ

رَبُّكَ	اَعْلَمُ	بِالْمُفْسِدِيْنَ	وَ	اِنْ	كَذَّبُوْكَ	فَقُلْ	لِّيْ	عَمَلِيْ	وَلَكُمْ	عَمَلُكُمْ
تیرا رب	خوب جانتا ہے	فساد کرنے والوں کو	اور	اگر	وہ آپ کو جھٹلائیں	تو کہدیں	میرے لئے	میرے عمل	اور تمہارے لئے	تمہارے عمل

تیرا رب فساد کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔ اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ کہدیں میرے لئے میرے عمل، اور تمہارے لئے تمہارے عمل،

أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾ وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ

اَنْتُمْ	بَرِيْٓـُٔوْنَ	مِمَّآ	اَعْمَلُ	وَاَنَا	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا	تَعْمَلُوْنَ	وَ	مِنْهُمْ	مَنْ	يَّسْتَمِعُوْنَ
تم	جواب دہ نہیں	اس کے جو	میں کرتا ہوں	اور میں	جواب دہ نہیں	اس کا جو	تم کرتے ہو	اور	ان میں سے	جو (بعض)	کان لگاتے ہیں

تم اس کے جوابدہ نہیں جو میں کرتا ہوں، اور میں اس کا جوابدہ نہیں جو تم کرتے ہو۔ اور ان میں سے بعض کان لگاتے ہیں

إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوا لَا يَعْقِلُونَ ﴿٤٢﴾ وَمِنْهُم مَّن يَنظُرُ

إِلَيْكَ	أَفَأَنتَ	تُسْمِعُ	الصُّمَّ	وَلَوْ	كَانُوا لَا يَعْقِلُونَ	وَمِنْهُم	مَّن	يَنظُرُ
آپ کی طرف	تو کیا تم	سناؤ گے	بہرے	خواہ	وہ عقل نہ رکھتے ہوں	اور ان سے	جو (بعض)	دیکھتے ہیں

آپ کی طرف، تو کیا تم بہروں کو سناؤ گے؟ خواہ وہ عقل نہ رکھتے ہوں - اور ان میں سے بعض دیکھتے ہیں

إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ ﴿٤٣﴾ إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ

إِلَيْكَ	أَفَأَنتَ	تَهْدِي	الْعُمْيَ	وَلَوْ	كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ	إِنَّ	اللَّهَ	لَا يَظْلِمُ
آپ کی طرف	پس کیا تم	راہ دکھا دو گے	اندھے	خواہ	وہ دیکھتے نہ ہوں	بیشک	اللہ	ظلم نہیں کرتا

آپ کی طرف، تو کیا آپ اندھوں کو راہ دکھا دیں گے؟ خواہ وہ دیکھتے نہ ہوں۔ بیشک اللہ ظلم نہیں کرتا

النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٤٤﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن

النَّاسَ	شَيْئًا	وَلَٰكِنَّ	النَّاسَ	أَنفُسَهُمْ	يَظْلِمُونَ	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	كَأَن
لوگ	کچھ بھی	اور لیکن	لوگ	اپنے آپ پر	ظلم کرتے ہیں	اور جس دن	جمع کرے گا انہیں	گویا

لوگوں پر کچھ بھی، لیکن لوگ اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں - اور جس دن وہ (یوم حشر) انہیں جمع کرے گا گویا

لَّمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ ۚ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا

لَّمْ يَلْبَثُوا	إِلَّا	سَاعَةً	مِّنَ النَّهَارِ	يَتَعَارَفُونَ	بَيْنَهُمْ	قَدْ خَسِرَ	الَّذِينَ	كَذَّبُوا
وہ نہ رہے تھے	مگر	ایک گھڑی	دن سے (کی)	وہ پہچانیں گے	آپس میں	البتہ خسارہ میں رہے	وہ لوگ	انہوں نے جھٹلایا

وہ (دنیا میں) نہ رہے تھے، مگر دن کی ایک گھڑی، آپس میں پہچانیں گے، البتہ وہ خسارے میں رہے جنہوں نے جھٹلایا

بِلِقَاءِ اللَّهِ ۚ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿٤٥﴾ وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ

بِلِقَاءِ اللَّهِ	وَمَا كَانُوا	مُهْتَدِينَ	وَإِمَّا	نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِي	نَعِدُهُمْ
اللہ سے ملنے کو	وہ نہ تھے	ہدایت پانے والے	اور اگر	ہم تجھے دکھا دیں	بعض (کچھ)	وہ جو	وعدہ کرتے ہیں ہم ان سے

اللہ سے ملنے کو، اور وہ ہدایت پانے والے نہ تھے۔ اور اگر ہم تمہیں بعض وعدے دکھا دیں جو ہم ان سے کر رہے ہیں

أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ ﴿٤٦﴾ وَلِكُلِّ

أَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ	فَإِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ	ثُمَّ	اللَّهُ	شَهِيدٌ	عَلَىٰ	مَا يَفْعَلُونَ	وَلِكُلِّ
یا	ہم تمہیں اٹھا لیں	پس ہماری طرف	ان کا لوٹنا	پھر	اللہ	گواہ	پر	جو وہ کرتے ہیں	اور ہر ایک کے لئے

یا ہم تمہیں (دنیا سے) اٹھا لیں، پس انہیں ہماری طرف لوٹنا ہے، پھر اللہ اس پر گواہ ہے جو وہ کرتے ہیں - اور ہر ایک

أُمَّةٍ رَّسُولٌ فَإِذَا جَآءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٤٧﴾

أُمَّةٍ	رَسُولٌ	فَإِذَا	جَآءَ	رَسُولُهُمْ	قُضِيَ	بَيْنَهُمْ	بِالْقِسْطِ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُونَ
امت	رسول	پس جب	آگیا	ان کا رسول	فیصلہ کردیا گیا	ان کے درمیان	انصاف کے ساتھ	اور وہ	ظلم نہیں کئے جاتے

امت کے لئے ایک رسول ہے، پس جب اُن کا رسول آگیا، ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کردیا گیا، اور اُن پر ظلم نہیں کیا جاتا۔

وَيَقُولُونَ مَتَى هَٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾ قُلْ لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي

وَيَقُولُونَ	مَتَى	هَٰذَا	الْوَعْدُ	إِنْ	كُنْتُمْ	صَادِقِينَ	قُلْ	لَا أَمْلِكُ	لِنَفْسِي
اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	وعدہ	اگر	تم ہو	سچے	آپ کہہ دیں	نہیں مالک ہوں میں	اپنی جان کے لئے

اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب (پورا) ہوگا؟ اگر تم سچے ہو - آپ کہہ دیں میں اپنی جان کے لئے مالک نہیں ہوں

ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَآءَ اللَّهُ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ إِذَا جَآءَ أَجَلُهُمْ

ضَرًّا	وَلَا نَفْعًا	إِلَّا	مَا	شَآءَ اللَّهُ	لِكُلِّ أُمَّةٍ	أَجَلٌ	إِذَا	جَآءَ	أَجَلُهُمْ
کسی نقصان	اور نہ نفع	مگر	جو	چاہے اللہ	ہر ایک امت کے لئے	ایک وقت مقرر	جب	آجائے گا	ان کا وقت

کسی نقصان کا نہ نفع کا، مگر جو اللہ چاہے، ہر ایک امت کے لئے ایک وقت مقرر ہے، جب ان کا وقت آجائے گا

فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٤٩﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ

فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ	سَاعَةً	وَ	لَا	يَسْتَقْدِمُونَ	قُلْ	أَرَءَيْتُمْ	إِنْ أَتَاكُمْ	عَذَابُهُ
پس نہ تاخیر کریں گے وہ	ایک گھڑی	اور	نہ	جلدی کریں گے وہ	آپ کہہ دیں	بھلا تم دیکھو	اگر تم پر آئے	اس کا عذاب

پس نہ وہ ایک گھڑی تاخیر کریں گے، نہ جلدی کرسکیں گے - آپ کہہ دیں بھلا تم دیکھو اگر تم پر اس کا عذاب آئے

بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٠﴾ أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ

بَيَاتًا	أَوْ نَهَارًا	مَاذَا	يَسْتَعْجِلُ	مِنْهُ	الْمُجْرِمُونَ	أَثُمَّ	إِذَا	مَا وَقَعَ
رات کو	یا دن کے وقت	کیا ہے وہ	جلدی کرتے ہیں	اس سے - اس کی	مجرم (جمع)	کیا پھر	جب	واقع ہوگا

رات کو یا دن کے وقت، تو وہ کیا ہے جس کی مجرم جلدی کر رہے ہیں؟ کیا پھر جب واقع ہو جائے گا (اُس وقت)

آمَنْتُمْ بِهِ آلْآنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا

آمَنْتُمْ	بِهِ	آلْآنَ	وَ	قَدْ كُنْتُمْ	بِهِ	تَسْتَعْجِلُونَ	ثُمَّ	قِيلَ	لِلَّذِينَ	ظَلَمُوا
تم ایمان لاؤ گے	اس پر	اب	اور	البتہ تم تھے	اس کی	تم جلدی مچاتے	پھر	کہا جائے گا	ان لوگوں کو جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)

تم اس پر ایمان لاؤ گے؟ اب (مانتے ہو) البتہ تم اس کی جلدی مچاتے تھے - پھر ظالموں کو کہا جائے گا

ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ

ذُوْقُوْا	عَذَابَ	الْخُلْدِ	هَلْ	تُجْزَوْنَ	اِلَّا	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ	وَ	يَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ
تم چکھو	عذاب	ہمیشگی	کیا نہیں	تمہیں بدلہ دیا جاتا	مگر	وہ جو	تم کماتے تھے	اور	آپؐ سے پوچھتے ہیں

تم ہمیشگی کا عذاب چکھو، تمہیں وہی بدلہ دیا جاتا ہے جو تم کماتے تھے۔ اور آپؐ سے پوچھتے ہیں

اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِیْ وَرَبِّیْۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ۚؕ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ ﴿۵۳﴾ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ

اَحَقٌّ	هُوَ	قُلْ	اِیْ	وَرَبِّیْ	اِنَّهٗ	لَحَقٌّ	وَمَا	اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِیْنَ	وَلَوْ	اَنَّ	لِكُلِّ
کیا سچ ہے	وہ	آپ کہدیں	ہاں	میرے رب کی قسم	بیشک وہ	ضرور سچ	اور نہیں	تم ہو	عاجز کرنے والے	اور اگر	ہو	ہر ایک کے لئے

کیا وہ سچ ہے؟ آپؐ کہدیں ہاں! میرے رب کی قسم! بیشک وہ ضرور سچ ہے اور تم عاجز کرنے والے نہیں۔ اور اگر (خواہ) ہر

نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِی الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا

نَفْسٍ	ظَلَمَتْ	مَا	فِی الْاَرْضِ	لَافْتَدَتْ	بِهٖ	وَاَسَرُّوا	النَّدَامَةَ	لَمَّا
شخص	اس نے ظلم کیا (ظالم)	جو کچھ	زمین میں	البتہ فدیہ دے دے	اس کو	اور وہ چپکے چپکے ہوں گے	پشیمان	جب

ظالم شخص کے لئے (وہ سب کچھ) ہو جو زمین میں ہے (اور) وہ اس کو فدیہ میں دیدے اور وہ چپکے چپکے پشیمان ہوں گے جب

رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا

رَاَوُا	الْعَذَابَ	وَقُضِیَ	بَیْنَهُمْ	بِالْقِسْطِ	وَهُمْ	لَا یُظْلَمُوْنَ	اَلَا	اِنَّ	لِلّٰهِ مَا
وہ دیکھیں گے	عذاب	اور فیصلہ ہوگا	ان کے درمیان	انصاف کے ساتھ	اور وہ	ظلم نہ کئے جائیں گے	یاد رکھو	بیشک	اللہ کیلئے جو

عذاب دیکھیں گے، اور ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ ہوگا، اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ یاد رکھو! اللہ کے لئے ہے جو

فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

فِی السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اَلَا	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا یَعْلَمُوْنَ
آسمانوں میں	اور زمین	یاد رکھو	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچ	اور لیکن	ان کے اکثر	جانتے نہیں

آسمانوں میں اور زمین میں ہے، یاد رکھو! بیشک اللہ کا وعدہ سچ ہے، لیکن ان کے اکثر جانتے نہیں۔

هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ

هُوَ	یُحْیٖ	وَیُمِیْتُ	وَاِلَیْهِ	تُرْجَعُوْنَ	یٰۤاَیُّهَا	النَّاسُ	قَدْ جَآءَتْكُمْ	مَوْعِظَةٌ
وہی	زندگی دیتا ہے	اور مارتا ہے	اور اسکی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اے	لوگو	تحقیق آگئی تمہارے پاس	نصیحت

وہی زندگی دیتا ہے، اور وہی مارتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اے لوگو! تحقیق تمہارے پاس آگئی نصیحت

۵ | ع ۱۴ | ۱۰ — وقف النبی ـ وقف النبی

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٧﴾

مِنْ	رَّبِّكُمْ	وَشِفَآءٌ	لِّمَا	فِى الصُّدُوْرِ	وَهُدًى	وَرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
سے	تمہارا رب	اور شفاء	اسکے لئے جو	سینوں (دلوں) میں	اور ہدایت	اور رحمت	مومنوں کے لئے

تمہارے رب کی طرف سے، اور شفا اس (روگ) کے لئے جو دلوں میں ہے، اور مومنوں کے لئے ہدایت و رحمت۔

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿٥٨﴾

قُلْ	بِفَضْلِ	اللّٰهِ	وَبِرَحْمَتِهٖ	فَبِذٰلِكَ	فَلْيَفْرَحُوْا	هُوَ	خَيْرٌ	مِّمَّا	يَجْمَعُوْنَ
آپ کہدیں	فضل سے	اللہ	اور اس کی رحمت سے	سو اس پر	وہ خوشی منائیں	وہ - یہ	بہتر	اس سے جو	وہ جمع کرتے ہیں

آپ کہدیں، اللہ کے فضل سے، اور اس کی رحمت سے سو وہ اس پر خوشی منائیں، یہ اس (سب) سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں -

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ

قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	مَآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	مِّنْ	رِّزْقٍ	فَجَعَلْتُمْ	مِّنْهُ	حَرَامًا	وَّحَلٰلًا
آپ کہدیں	بھلا دیکھو	جو اس نے اتارا	اللہ	تمہارے لئے	سے	رزق	پھر تم نے بنا لیا	اس سے	کچھ حرام	اور کچھ حلال

آپ کہدیں بھلا دیکھو جو اللہ نے تمہارے لئے رزق اتارا، پھر تم نے اس میں سے کچھ حرام بنا لیا، اور کچھ حلال،

قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ

قُلْ	آٰللّٰهُ	اَذِنَ	لَكُمْ	اَمْ	عَلَى اللّٰهِ	تَفْتَرُوْنَ	وَمَا	ظَنُّ	الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ
آپ کہدیں	کیا اللہ	حکم دیا	تمہیں	یا	اللہ پر	تم جھوٹ باندھتے ہو	اور کیا	خیال	وہ لوگ جو	گھڑتے ہیں

آپ کہدیں، کیا اللہ نے تمہیں حکم دیا؟ یا اللہ پر جھوٹ باندھتے ہو؟ اور ان لوگوں کا کیا خیال ہے؟ جو گھڑتے ہیں

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَذُوْ فَضْلٍ	عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ
اللہ پر	جھوٹ	قیامت کے دن	بیشک	اللہ	فضل کرنے والا	لوگوں پر	اور لیکن

اللہ پر جھوٹ، قیامت کے دن (ان کا کیا حال ہوگا)۔ بیشک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے، لیکن

٦ — ع ٧ — ١١

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَمَا تَكُوْنُ فِىْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ

اَكْثَرَهُمْ	لَا يَشْكُرُوْنَ	وَ	مَا تَكُوْنُ	فِىْ شَاْنٍ	وَمَا تَتْلُوْا	مِنْهُ	مِنْ	قُرْاٰنٍ
ان کے اکثر	شکر نہیں کرتے	اور	نہیں ہوتے تم	کسی حال میں	اور نہیں پڑھتے	اس سے	سے - کچھ	قرآن

ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے - اور تم نہیں ہوتے کسی حال میں، اور نہ اس میں سے کچھ قرآن پڑھتے ہو،

وَلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا

وَلَا تَعْمَلُوْنَ	مِنْ عَمَلٍ	اِلَّا	كُنَّا	عَلَيْكُمْ	شُهُوْدًا	اِذْ تُفِيْضُوْنَ	فِيْهِ	وَمَا
اور نہیں کرتے	کوئی عمل	مگر	ہم ہوتے ہیں	تم پر	گواہ	جب تم مشغول ہوتے ہو	اس میں	اور نہیں

اور نہ کوئی عمل کرتے ہو، مگر ہم تم پر گواہ (باخبر) ہوتے ہیں جب تم اس میں مشغول ہوتے ہو، اور نہیں

يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَلَاۤ

يَعْزُبُ	عَنْ	رَّبِّكَ	مِنْ	مِّثْقَالِ	ذَرَّةٍ	فِى الْاَرْضِ	وَلَا	فِى	السَّمَآءِ	وَلَا
غائب	سے	تمہارا رب	سے	برابر	ایک ذرہ	زمین میں	اور نہ	میں	آسمان	اور نہ

تمہارے رب سے غائب ایک ذرہ برابر بھی زمین میں اور نہ آسمان میں ، اور نہ

اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْبَرَ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۱﴾ اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ

اَصْغَرَ	مِنْ	ذٰلِكَ	وَلَا	اَكْبَرَ	اِلَّا	فِىْ	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	اَلَا	اِنَّ	اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ
چھوٹا	سے	اس	اور نہ	بڑا	مگر	میں	کتاب روشن	یاد رکھو	بیشک	اللہ کے دوست

اس سے چھوٹا اور نہ بڑا، مگر روشن کتاب میں ہے۔ یاد رکھو! بیشک (جو) اللہ کے دوست ہیں

لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ لَهُمُ

لَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَكَانُوْا	يَتَّقُوْنَ	لَهُمُ
نہ کوئی خوف	ان پر	اور نہ	وہ	غمگین ہوں گے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور وہ رہے	تقویٰ کرتے رہے	ان کے لئے

نہ کوئی خوف ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور تقویٰ (خوفِ خدا اور پرہیزگاری) کرتے رہے۔ ان کے لئے

الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ

الْبُشْرٰى	فِى	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَ	فِى	الْاٰخِرَةِ	لَا تَبْدِيْلَ	لِكَلِمٰتِ	اللّٰهِ	ذٰلِكَ
بشارت	میں	دنیا کی زندگی	اور	میں	آخرت	تبدیلی نہیں	باتوں میں	اللہ	یہ

بشارت ہے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں ، اللہ کی باتوں میں کوئی تبدیلی نہیں ، یہی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۴﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ

هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	وَلَا	يَحْزُنْكَ	قَوْلُهُمْ	اِنَّ	الْعِزَّةَ	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا	هُوَ
وہ	کامیابی	بڑی	اور نہ	تمہیں غمگین کرے	ان کی بات	بیشک	غلبہ	اللہ کے لئے	تمام	وہ

بڑی کامیابی ہے۔ اور اُن کی بات تمہیں غمگین نہ کرے۔ بیشک تمام غلبہ اللہ کے لئے ہے ، وہ

السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝٦٥ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا

السَّمِيعُ	الْعَلِيمُ	اَلَآ	اِنَّ	لِلّٰهِ	مَنْ	فِى السَّمٰوٰتِ	وَمَنْ	فِى الْاَرْضِ	وَمَا
سُننے والا	جاننے والا	یادرکھو	بیشک	اللہ کیلئے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	کیا۔کس

سُننے والا، جاننے والا ہے۔ یادرکھو! بیشک جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اللہ کے لئے ہے، اور کس

يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ

يَتَّبِعُ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	شُرَكَآءَ	اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَ
پیروی کرتے ہیں	وہ لوگ جو	پکارتے ہیں	سوائے	اللہ	شریک (جمع)	وہ نہیں پیروی کرتے	مگر	گمان	اور

کی پیروی (نہیں) کرتے وہ لوگ جو اللہ کے سوا شریکوں کو پکارتے ہیں مگر (صرف) گمان کی پیروی کرتے ہیں، اور

اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝٦٦ هُوَ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ

اِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ	هُوَ	الَّذِىْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الَّيْلَ	لِتَسْكُنُوْا	فِيْهِ
نہیں	وہ	مگر (صرف)	اٹکلیں دوڑاتے ہیں	وہی	جو۔جس	بنایا	تمہارے لئے	رات	تاکہ تم سکون حاصل کرو	اس میں

وہ صرف اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔ وہی ہے جس نے بنائی تمہارے لئے رات تاکہ تم اس میں سکون حاصل کرو،

وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝٦٧ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ

وَالنَّهَارَ	مُبْصِرًا	اِنَّ	فِىْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ	قَالُوا	اتَّخَذَ	اللّٰهُ
اور دن	دکھانے والا (روشن)	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	سننے والے لوگوں کے لئے	وہ کہتے ہیں	بنالیا	اللہ

اور دن روشن، بیشک اس میں سُننے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ وہ کہتے ہیں اللہ نے بنا لیا

وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِىُّ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ

وَلَدًا	سُبْحٰنَهٗ	هُوَ	الْغَنِىُّ	لَهٗ	مَا	فِى السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِى الْاَرْضِ	اِنْ	عِنْدَكُمْ
بیٹا	وہ پاک ہے	وہ	بے نیاز	اسکے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	نہیں	تمہارے پاس

(اپنا) بیٹا۔ وہ پاک ہے، وہ بے نیاز ہے، اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے، تمہارے پاس نہیں ہے

مِّنْ سُلْطٰنٍ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٦٨ قُلْ اِنَّ

مِنْ	سُلْطٰنٍ	بِهٰذَا	اَتَقُوْلُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	قُلْ	اِنَّ
کوئی	دلیل	اس کے لئے	کیا تم کہتے ہو	اللہ پر	جو	تم نہیں جانتے	آپ کہدیں	بیشک

اس کے لئے کوئی دلیل، کیا تم اللہ پر وہ بات کہتے ہو جو تم جانتے نہیں؟ آپ کہہ دیں، بیشک

الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ

الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	لَا يُفْلِحُوْنَ	مَتَاعٌ	فِي الدُّنْيَا	ثُمَّ
وہ لوگ جو	گھڑتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ	وہ فلاح نہیں پائیں گے	کچھ فائدہ	دنیا میں	پھر

وہ لوگ جو اللہ پر جھوٹ گھڑتے ہیں فلاح (دو جہان کی کامیابی) نہیں پائیں گے - دنیا میں کچھ فائدہ ہے ، پھر

اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾

اِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ	ثُمَّ	نُذِيْقُهُمُ	الْعَذَابَ	الشَّدِيْدَ	بِمَا	كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ
ہماری طرف	ان کو لوٹنا	پھر	ہم چکھائیں گے انہیں	عذاب	شدید	اس کے بدلے	وہ کفر کرتے تھے

ان کو ہماری طرف لوٹنا ہے، پھر ہم انہیں شدید عذاب (کا مزہ) چکھائیں گے اس کے بدلے جو وہ کفر کرتے تھے۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ

وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	نُوْحٍ	اِذْ قَالَ	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	اِنْ كَانَ	كَبُرَ	عَلَيْكُمْ	مَّقَامِيْ
اور پڑھو	ان پر (انہیں)	خبر (قصہ)	نوحؑ	جب اس نے کہا	اپنی قوم سے	اے میری قوم	اگر ہے	گراں	تم پر	میرا قیام

اور آپؐ انہیں نوحؑ کا قصہ پڑھ کر سنائیں، جب اس نے اپنی قوم سے کہا ، اے میری قوم ! اگر تم پر گراں ہے میرا قیام

وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ

وَتَذْكِيْرِيْ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	فَعَلَى اللّٰهِ	تَوَكَّلْتُ	فَاَجْمِعُوْٓا	اَمْرَكُمْ	وَشُرَكَآءَكُمْ
اور میرا نصیحت کرنا	اللہ کی آیتوں سے	پس اللہ پر	میں نے بھروسہ کیا	پس تم مقرر کر لو	اپنا کام	اور تمہارے شریک

اور میرا اللہ کی آیتوں سے نصیحت کرنا، تو میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، پس تم اور تمہارے شریک اپنا کام مقرر (پکا) کر لو

ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿٧١﴾ فَاِنْ

ثُمَّ	لَا يَكُنْ	اَمْرُكُمْ	عَلَيْكُمْ	غُمَّةً	ثُمَّ	اقْضُوْٓا	اِلَيَّ	وَ	لَا تُنْظِرُوْنِ	فَاِنْ
پھر	نہ رہے	تمہارا کام	تم پر	کوئی شبہ	پھر	تم کر گزرو	میرے ساتھ	اور	مجھے مہلت نہ دو	پھر اگر

(تاکہ) پھر تمہیں اپنے کام پر کوئی شبہ نہ رہے، پھر میرے ساتھ کر گزرو، اور مجھے مہلت نہ دو - پھر اگر

تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ

تَوَلَّيْتُمْ	فَمَا سَاَلْتُكُمْ	مِّنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلَى اللّٰهِ	وَاُمِرْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ
تم منہ پھیر لو	تو میں نے نہیں مانگا تم سے	کوئی اجر	تو صرف	میرا اجر	مگر (صرف)	اللہ پر	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں رہوں

تم منہ پھیر لو تو میں نے تم سے کوئی اجر نہیں مانگا، میرا اجر تو صرف اللہ پر ہے، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں رہوں

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِی الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ

مِنَ	الْمُسْلِمِيْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَنَجَّيْنٰهُ	وَمَنْ	مَعَهٗ	فِی الْفُلْكِ	وَجَعَلْنٰهُمْ
سے	فرمانبردار (جمع)	تو انہوں نے اسے جھٹلایا	سو ہم نے بچا لیا اسے	اور جو	اس کے ساتھ	کشتی میں	اور ہم نے بنایا انہیں

فرمانبرداروں میں سے۔ تو انہوں نے اسے (نوحؑ) کو جھٹلایا، سو ہم نے بچا لیا اُسے اور انہیں جو اس کے ساتھ کشتی میں تھے، اور ہم نے انہیں

خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾

خَلٰٓئِفَ	وَاَغْرَقْنَا	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُنْذَرِيْنَ
جانشین	اور ہم نے غرق کردیا	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	سو دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	ڈرائے گئے لوگ

جانشین بنایا، اور اُن لوگوں کو غرق کردیا جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، سو دیکھو (ان لوگوں کا) انجام کیسا ہوا؟ جنہیں ڈرایا گیا تھا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا

ثُمَّ	بَعَثْنَا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	رُسُلًا	اِلٰى	قَوْمِهِمْ	فَجَآءُوْهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا
پھر	ہم نے بھیجے	اس کے بعد	کئی رسول	طرف	ان کی قوم	وہ آئے ان کے پاس	روشن دلیلوں کے ساتھ	سو ان سے نہ ہوا کہ وہ ایمان لے آئیں

پھر ہم نے اس (نوحؑ) کے بعد کئی رسول انکی قوم کی طرف بھیجے تو وہ ان کے پاس روشن دلیلوں کے ساتھ آئے، سو اُن سے نہ ہوا کہ وہ ایمان لے آئیں

بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا

بِمَا	كَذَّبُوْا	بِهٖ	مِنْ قَبْلُ	كَذٰلِكَ	نَطْبَعُ	عَلٰى	قُلُوْبِ	الْمُعْتَدِيْنَ	ثُمَّ	بَعَثْنَا
اس پر جو	انہوں نے جھٹلایا	اس کو	اس سے قبل	اسی طرح	ہم مُہر لگاتے ہیں	پر	دل (جمع)	حد سے بڑھنے والے	پھر	ہم نے بھیجا

اس (بات) پر جسے وہ اس سے قبل جھٹلا چکے تھے، اسی طرح ہم حد سے بڑھنے والوں کے دلوں پر مُہر لگا دیتے ہیں۔ پھر ہم نے بھیجا

مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ىِٕهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا

مِنْۢ بَعْدِهِمْ	مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ىِٕهٖ	بِاٰيٰتِنَا	فَاسْتَكْبَرُوْا
ان کے بعد	موسیٰؑ	اور ہارونؑ	طرف	فرعون	اس کے سردار	اپنی نشانیوں کے ساتھ	تو انہوں نے تکبّر کیا

ان کے بعد موسیٰؑ اور ہارونؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے سرداروں (درباریوں) کی طرف، تو انہوں نے تکبّر کیا

وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا

وَكَانُوْا	قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	مِنْ	عِنْدِنَا	قَالُوْٓا	اِنَّ	هٰذَا
اور وہ تھے	لوگ	گنہگار (جمع)	تو جب	آیا ان کے پاس	حق	سے	ہماری طرف	وہ کہنے لگے	بیشک	یہ

اور وہ گنہگار لوگ تھے۔ تو جب اُن کے پاس ہماری طرف سے حق پہنچا تو وہ کہنے لگے "بے شک یہ

لَسِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿٧٦﴾ قَالَ مُوسَىٰ أَتَقُولُونَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَكُمْ ۖ أَسِحْرٌ هَٰذَا ۖ

لَسِحْرٌ	مُّبِينٌ	قَالَ	مُوسَىٰ	أَتَقُولُونَ	لِلْحَقِّ لَمَّا	جَاءَكُمْ	أَسِحْرٌ	هَٰذَا
البتہ جادو	کھلا	کہا	موسیٰؑ	کیا تم کہتے ہو	حق کیلئے (نسبت) جب	وہ آگیا تمہارے پاس	کیا جادو	یہ

البتہ کھلا جادو ہے۔ موسیٰؑ نے کہا، کیا تم حق کی نسبت (ایسا) کہتے ہو؟ جب وہ تمہارے پاس آگیا، کیا یہ جادو ہے؟

وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُونَ ﴿٧٧﴾ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا وَتَكُونَ

وَلَا يُفْلِحُ	السَّاحِرُونَ	قَالُوا	أَجِئْتَنَا	لِتَلْفِتَنَا	عَمَّا	وَجَدْنَا	عَلَيْهِ آبَاءَنَا	وَتَكُونَ
اور کامیاب نہیں ہوتے	جادوگر	وہ بولے	کیا تو آیا ہمارے پاس	کہ پھیر دے ہمیں	اس سے جو	پایا ہم نے	اس پر اپنے باپ دادا	اور ہو جائے

اور جادوگر کامیاب نہیں ہوتے۔ وہ بولے کیا تو ہمارے پاس (اس لئے) آیا ہے کہ ہمیں اس سے پھیر دے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، اور ہو جائے

لَكُمَا الْكِبْرِيَاءُ فِي الْأَرْضِ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِينَ ﴿٧٨﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

لَكُمَا	الْكِبْرِيَاءُ	فِي الْأَرْضِ	وَمَا	نَحْنُ	لَكُمَا	بِمُؤْمِنِينَ	وَقَالَ	فِرْعَوْنُ
تم دونوں کیلئے	بڑائی	زمین میں	اور نہیں	ہم	تم دونوں کیلئے	ایمان لانے والوں میں سے	اور کہا	فرعون

تم دونوں کے لئے زمین میں بڑائی (سرداری مل جائے) اور ہم تم دونوں کے ماننے والوں میں سے نہیں۔ اور فرعون نے کہا

ائْتُونِي بِكُلِّ سَاحِرٍ عَلِيمٍ ﴿٧٩﴾ فَلَمَّا جَاءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُوسَىٰ أَلْقُوا مَا

ائْتُونِي	بِكُلِّ	سَاحِرٍ	عَلِيمٍ	فَلَمَّا	جَاءَ	السَّحَرَةُ	قَالَ	لَهُمْ	مُوسَىٰ	أَلْقُوا	مَا
لے آؤ میرے پاس	ہر	جادوگر	علم والا	پھر جب	آگئے	جادوگر	کہا	ان سے	موسیٰؑ	تم ڈالو	جو

میرے پاس ہر علم والا جادوگر لے آؤ۔ پھر جب جادوگر آگئے تو موسیٰؑ نے اُن سے کہا تم ڈالو، جو

أَنْتُمْ مُلْقُونَ ﴿٨٠﴾ فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۖ إِنَّ اللَّهَ

أَنْتُمْ	مُلْقُونَ	فَلَمَّا	أَلْقَوْا	قَالَ	مُوسَىٰ	مَا	جِئْتُمْ بِهِ	السِّحْرُ	إِنَّ اللَّهَ
تم	ڈالنے والے ہو	پھر جب	انہوں نے ڈالا	کہا	موسیٰؑ	جو	تم لائے ہو	جادو	بیشک اللہ

ڈالنے والے ہو (تمہیں ڈالنا ہے)۔ پھر انہوں نے ڈالا تو موسیٰؑ نے کہا تم جو لائے ہو جادو ہے، بیشک اللہ

سَيُبْطِلُهُ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ ﴿٨١﴾ وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ

سَيُبْطِلُهُ	إِنَّ اللَّهَ	لَا يُصْلِحُ	عَمَلَ	الْمُفْسِدِينَ	وَيُحِقُّ	اللَّهُ	الْحَقَّ	بِكَلِمَاتِهِ
ابھی باطل کر دے گا اسے	بیشک اللہ	نہیں درست کرتا	کام	فساد کرنے والے	اور حق کر دے گا	اللہ	حق	اپنے حکم سے

ابھی اسے باطل کر دے گا، بیشک اللہ فساد کرنے والوں کے کام درست نہیں کرتا۔ اور اللہ حق کو اپنے حکم سے حق (ثابت) کر دے گا

٨ ع ١٢ ١٣

وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ

وَلَوْ	كَرِهَ	الْمُجْرِمُوْنَ	فَمَا	اٰمَنَ	لِمُوْسٰى	اِلَّا	ذُرِّيَّةٌ	مِّنْ	قَوْمِهٖ	عَلٰى خَوْفٍ
خواہ	ناپسند کریں	جمع مجرم (گنہگار)	سو نہ	ایمان لایا	موسیٰؑ پر	مگر	چند لڑکے	سے	اس کی قوم	خوف کی وجہ سے

خواہ گنہگار ناپسند کریں۔ سو موسیٰؑ پر کوئی ایمان نہ لایا مگر اس کی قوم کے چند لڑکے خوف کی وجہ سے

مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ۭ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ ۚ

مِنْ	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهِمْ	اَنْ	يَفْتِنَهُمْ	وَاِنَّ	فِرْعَوْنَ	لَعَالٍ	فِي	الْاَرْضِ
سے (کے)	فرعون	اور ان کے سردار	کہ	وہ آفت میں ڈالے انہیں	اور بیشک	فرعون	سرکش	میں	زمین

فرعون اور ان کے سرداروں کے، کہ وہ انہیں آفت میں نہ ڈال دے، اور بیشک فرعون زمین (ملک) میں سرکش تھا،

وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ

وَاِنَّهٗ	لَمِنَ	الْمُسْرِفِيْنَ	وَقَالَ	مُوْسٰى	يٰقَوْمِ	اِنْ	كُنْتُمْ	اٰمَنْتُمْ	بِاللّٰهِ
اور بیشک وہ	البتہ۔ سے	حد سے بڑھنے والے	اور کہا	موسیٰؑ نے	اے میری قوم	اگر	تم ہو	ایمان لائے	اللہ پر

اور بیشک وہ حد سے بڑھنے والوں میں سے تھا۔ اور موسیٰؑ نے کہا اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو

فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿٨٤﴾ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

فَعَلَيْهِ	تَوَكَّلُوْٓا	اِنْ	كُنْتُمْ	مُسْلِمِيْنَ	فَقَالُوْا	عَلَى اللّٰهِ	تَوَكَّلْنَا	رَبَّنَا	لَا تَجْعَلْنَا
تو اس پر	بھروسہ کرو	اگر	تم ہو	فرمانبردار (جمع)	تو انہوں نے کہا	اللہ پر	ہم نے بھروسہ کیا	اے ہمارے رب	نہ بنا ہمیں

تو اسی پر بھروسہ کرو اگر تم فرمانبردار ہو۔ تو انہوں نے کہا ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا، اے ہمارے رب! ہمیں نہ بنا

فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾

فِتْنَةً	لِلْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	وَنَجِّنَا	بِرَحْمَتِكَ	مِنَ	الْقَوْمِ	الْكٰفِرِيْنَ
تختۂ مشق	قوم کا	ظالم (جمع)	اور ہمیں چھڑا دے	اپنی رحمت سے	سے	قوم	کافر (جمع)

ظالموں کی قوم کا تختۂ مشق۔ اور ہمیں اپنی رحمت سے کافروں کی قوم سے چھڑا دے۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا

وَاَوْحَيْنَا	اِلٰى	مُوْسٰى	وَاَخِيْهِ	اَنْ تَبَوَّاٰ	لِقَوْمِكُمَا	بِمِصْرَ	بُيُوْتًا	وَاجْعَلُوْا
اور ہم نے وحی بھیجی	طرف	موسیٰؑ	اور اس کا بھائی	کہ گھر بناؤ تم	اپنی قوم کے لئے	مصر میں	گھر	اور بناؤ

اور ہم نے موسیٰؑ اور اس کے بھائی کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی قوم کے لئے مصر میں گھر بناؤ اور بناؤ

بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ

بُيُوْتَكُمْ	قِبْلَةً	وَّاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ قَالَ	مُوْسٰى	رَبَّنَآ
اپنے گھر	قبلہ رُو	اور قائم کرو	نماز	اور خوشخبری دو	مومن (جمع)	اور کہا	موسیٰؑ	اے ہمارے رب

اپنے گھر قبلہ رُو (نماز کی جگہ) اور نماز قائم کرو اور مومنوں کو خوشخبری دو ۔ اور موسیٰؑ نے کہا اے ہمارے رب!

اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا

اِنَّكَ	اٰتَيْتَ	فِرْعَوْنَ	وَمَلَاَهٗ	زِيْنَةً	وَّاَمْوَالًا	فِى	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	رَبَّنَا
بیشک تُو	تُو نے دیا	فرعون	اور اسکے سردار	زینت	اور مال (جمع)	میں	دنیا کی زندگی	اے ہمارے رب

بیشک تو نے فرعون اور اس کے لشکر کو دنیا کی زندگی میں زینت اور بہت سے مال دیئے ہیں، اے ہمارے رب!

لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

لِيُضِلُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِكَ	رَبَّنَا	اطْمِسْ	عَلٰى	اَمْوَالِهِمْ	وَاشْدُدْ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
کہ وہ گمراہ کریں	سے	تیرا راستہ	اے ہمارے رب	تو مٹا دے	پر	ان کے مال	اور مُہر لگا دے	ان کے دلوں پر

کہ وہ تیرے راستہ سے گمراہ کریں، اے ہمارے رب! ان کے مال مٹا دے، اور اُن کے دلوں پر مُہر لگا دے

فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا

فَلَا يُؤْمِنُوْا	حَتّٰى	يَرَوُا	الْعَذَابَ	الْاَلِيْمَ	قَالَ	قَدْ اُجِيْبَتْ	دَّعْوَتُكُمَا
کہ وہ نہ ایمان لائیں	یہانتک کہ	وہ دیکھ لیں	عذاب	دردناک	اس نے فرمایا	قبول ہوچکی	تمہاری دعا

کہ وہ ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ دردناک عذاب دیکھ لیں۔ اس نے فرمایا تمہاری دُعا قبول ہوچکی ہے

فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ

فَاسْتَقِيْمَا	وَ	لَا تَتَّبِعٰٓنِّ	سَبِيْلَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَجٰوَزْنَا	بِبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ
سو تم دونوں ثابت قدم رہو	اور	نہ چلنا	راہ	ان لوگوں کی جو	ناواقف ہیں	اور ہم نے پار کر دیا	بنی اسرائیل کو

سو تم دونوں ثابت قدم رہو، اور ان لوگوں کی راہ نہ چلنا جو ناواقف ہیں۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو پار کر دیا

الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ

الْبَحْرَ	فَاَتْبَعَهُمْ	فِرْعَوْنُ	وَجُنُوْدُهٗ	بَغْيًا	وَّعَدْوًا	حَتّٰى	اِذَآ اَدْرَكَهُ	الْغَرَقُ
دریا	پس پیچھا کیا ان کا	فرعون	اور اس کا لشکر	سرکشی	اور زیادتی	یہاں تک کہ	جب اُسے آپکڑا	غرقابی

دریا سے، پس فرعون اور اس کے لشکر نے سرکشی اور زیادتی سے ان کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ جب اُس کو غرقابی نے آ پکڑا

قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ

قَالَ	اٰمَنْتُ	اَنَّهٗ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ	بِهٖ	بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ	وَاَنَا	مِنَ
وہ کہنے لگا	میں ایمان لایا	کہ وہ	نہیں	معبود	سوائے	وہ جس پر ایمان لائے	اس پر	بنی اسرائیل	اور میں	سے

وہ کہنے لگا کہ میں ایمان لایا کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں ہوں

الْمُسْلِمِیْنَ ﴿٩٠﴾ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿٩١﴾ فَالْیَوْمَ

الْمُسْلِمِیْنَ	آٰلْـٰٔنَ	وَقَدْ عَصَیْتَ	قَبْلُ	وَكُنْتَ	مِنَ	الْمُفْسِدِیْنَ	فَالْیَوْمَ
فرمانبردار (جمع)	کیا اب	اور البتہ تو نافرمانی کرتا رہا	پہلے	اور تو رہا	سے	فساد کرنے والے	سو آج

فرمانبرداروں میں سے۔ کیا اب؟ (ایمان کی بات کرتا ہے) اور البتہ پہلے تو نافرمانی کرتا رہا اور تو فساد کرنے والوں میں سے رہا۔ سو آج

نُنَجِّیْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰیَةً ؕ وَاِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ

نُنَجِّیْكَ	بِبَدَنِكَ	لِتَكُوْنَ	لِمَنْ	خَلْفَكَ	اٰیَةً	وَاِنَّ	كَثِیْرًا	مِّنَ النَّاسِ	عَنْ
ہم تجھے بچادیں گے	تیرے بدن سے	تاکہ تو رہے	انکے لئے جو	تیرے بعد آئیں	ایک نشانی	اور بیشک	اکثر	لوگوں میں سے	سے

ہم تجھے تیرے بدن سے بچادیں گے (غرق نہیں کرینگے) تاکہ تو (تیری لاش) انکے لئے جو تیرے بعد آئیں (عبرت کی) ایک نشانی رہے، اور بیشک لوگوں میں سے اکثر

٩ ع١٠ ١٤

اٰیٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ

اٰیٰتِنَا	لَغٰفِلُوْنَ	وَلَقَدْ بَوَّاْنَا	بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	مُبَوَّاَ	صِدْقٍ	وَّرَزَقْنٰهُمْ	مِّنَ
ہماری نشانیاں	غافل ہیں	اور البتہ ہم نے ٹھکانہ دیا	بنی اسرائیل	ٹھکانہ	اچھا	اور ہم نے رزق دیا انہیں	سے

ہماری نشانیوں سے غافل ہیں۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو اچھا ٹھکانہ دیا، اور ہم نے انہیں رزق دیا

الطَّیِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰی جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ

الطَّیِّبٰتِ	فَمَا اخْتَلَفُوْا	حَتّٰی	جَآءَهُمُ	الْعِلْمُ	اِنَّ	رَبَّكَ	یَقْضِیْ	بَیْنَهُمْ
پاکیزہ چیزیں	سو انہوں نے اختلاف نہ کیا	یہاں تک کہ	آگیا ان کے پاس	علم	بیشک	تمہارا رب	فیصلہ کرے گا	ان کے درمیان

پاکیزہ چیزوں سے، سو انہوں نے اختلاف نہ کیا یہانتک کہ ان کے پاس علم (قرآن) آگیا، بیشک تمہارا رب انکے درمیان فیصلہ کرے گا

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿٩٣﴾ فَاِنْ كُنْتَ فِیْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ	فِیْمَا	كَانُوْا	فِیْهِ	یَخْتَلِفُوْنَ	فَاِنْ	كُنْتَ	فِیْ شَكٍّ	مِّمَّآ	اَنْزَلْنَآ
روزِ قیامت	اس میں جو	وہ تھے	اس میں	وہ اختلاف کرتے	پس اگر	تو ہے	میں شک میں	اس سے جو	ہم نے اتارا

روزِ قیامت جس (بات) میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ پس اگر تم اس (کے بارہ) میں شک میں ہو جو ہم نے اتارا

اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ

اِلَيْكَ	فَسْـَٔلِ	الَّذِيْنَ	يَقْرَءُوْنَ	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكَ	لَقَدْ جَآءَكَ	الْحَقُّ
تیری طرف	تو پوچھ لیں	وہ لوگ جو	پڑھتے ہیں	کتاب	تم سے پہلے	تحقیق آگیا تیرے پاس	حق

تمہاری طرف، تو ان لوگوں سے پوچھ لیں جو تم سے پہلے کتاب پڑھتے ہیں، تحقیق تمہارے پاس حق آ گیا ہے

مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

مِنْ	رَّبِّكَ	فَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُمْتَرِيْنَ	وَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
سے	تیرا رب	پس نہ ہونا	سے	شک کرنے والے	اور نہ ہونا	سے	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا

تمہارے رب کی طرف سے، پس شک کرنے والوں سے نہ ہونا - اور نہ اُن لوگوں سے ہونا جنہوں نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٩٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ

بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	فَتَكُوْنَ	مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	اِنَّ الَّذِيْنَ	حَقَّتْ	عَلَيْهِمْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ
آیتوں کو	اللہ	پھر ہو جائے	سے	خسارہ پانے والے	بیشک وہ لوگ جو	ثابت ہوگئی	ان پر	بات	تیرا رب

اللہ کی آیتوں کو، پھر تم خسارہ پانے والوں سے ہو جاؤ - بیشک جن لوگوں پر تمہارے رب کی بات ثابت ہو گئی

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٩٧﴾

لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَلَوْ	جَآءَتْهُمْ	كُلُّ اٰيَةٍ	حَتّٰى	يَرَوُا	الْعَذَابَ	الْاَلِيْمَ
وہ ایمان نہ لائیں گے	خواہ	آجائے انکے پاس	ہر نشانی	یہانتک کہ	وہ دیکھ لیں	عذاب	دردناک

وہ ایمان نہ لائیں گے - خواہ ان کے پاس ہر نشانی آ جائے، یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب (بھی) دیکھ لیں-

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ۭ لَمَّآ اٰمَنُوْا

فَلَوْلَا	كَانَتْ	قَرْيَةٌ	اٰمَنَتْ	فَنَفَعَهَا	اِيْمَانُهَا	اِلَّا	قَوْمَ يُوْنُسَ	لَمَّا	اٰمَنُوْا
پس کیوں نہ	ہوتی	کوئی بستی	کہ وہ ایمان لاتی	تو نفع دیتا اس کو	اس کا ایمان	مگر	قوم یونسؑ	جب	وہ ایمان لائے

پس کیوں نہ ہوئی کوئی بستی کہ وہ ایمان لاتی تو اس کو اس کا ایمان نفع دیتا، مگر یونسؑ کی قوم (کہ وہ ایمان لے آئی) جب وہ ایمان لائے

كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٩٨﴾ وَلَوْ شَآءَ

كَشَفْنَا	عَنْهُمْ	عَذَابَ	الْخِزْيِ	فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَمَتَّعْنٰهُمْ	اِلٰى حِيْنٍ	وَلَوْ	شَآءَ
ہم نے اٹھالیا	اُن سے	عذاب	رسوائی	میں	دنیا کی زندگی	اور نفع پہنچایا انہیں	ایک مدت تک	اور اگر	چاہتا

تو ہم نے ان سے دنیا کی زندگی میں رسوائی کا عذاب اٹھالیا، اور انہیں ایک مدت تک نفع پہنچایا - اور اگر چاہتا

رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِی الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِیْعًا اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى

رَبُّكَ	لَاٰمَنَ	مَنْ	فِی الْاَرْضِ	كُلُّهُمْ جَمِیْعًا	اَفَاَنْتَ	تُكْرِهُ	النَّاسَ	حَتّٰى
تیرا رب	البتہ ایمان لے آتے	جو	زمین میں	وہ سب کے سب	پس کیا تو	مجبور کریگا	لوگ	جہانتک کہ

تیرا رب البتہ جو زمین میں ہیں سب کے سب ایمان لے آتے، پس کیا تو لوگوں کو مجبور کرے گا؟ یہاں تک کہ

یَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ ﴿۹۹﴾ وَ مَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ یَجْعَلُ

یَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِیْنَ	وَ مَا كَانَ	لِنَفْسٍ	اَنْ	تُؤْمِنَ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَ یَجْعَلُ
وہ ہوجائیں	مومن (جمع)	اور نہیں ہے	کسی شخص کے لئے	کہ	ایمان لائے	مگر (بغیر)	اذنِ الٰہی سے	اور وہ ڈالتا ہے

وہ مومن ہو جائیں۔ اور کسی شخص کے لئے (اپنے اختیار میں) نہیں کہ وہ اللہ کے اذن کے بغیر ایمان لے آئے، اور وہ ڈالتا ہے

الرِّجْسَ عَلَى الَّذِیْنَ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ

الرِّجْسَ	عَلَى	الَّذِیْنَ	لَا یَعْقِلُوْنَ	قُلِ	انْظُرُوْا	مَا ذَا	فِی	السَّمٰوٰتِ	وَ
گندگی	پر	وہ لوگ جو	عقل نہیں رکھتے	آپ کہدیں	دیکھو	کیا ہے	میں	آسمانوں	اور

(کفر کی) کی گندگی ان لوگوں پر جو عقل نہیں رکھتے۔ آپ کہہ دیں دیکھو کیا کچھ ہے؟ آسمانوں میں اور

الْاَرْضِ ؕ وَ مَا تُغْنِی الْاٰیٰتُ وَ النُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَهَلْ یَنْتَظِرُوْنَ

الْاَرْضِ	وَ مَا تُغْنِی	الْاٰیٰتُ	وَ النُّذُرُ	عَنْ	قَوْمٍ	لَّا یُؤْمِنُوْنَ	فَهَلْ	یَنْتَظِرُوْنَ
زمین	اور نہیں فائدہ دیتیں	نشانیاں	اور ڈرانے والے	سے	لوگ	وہ نہیں مانتے	تو کیا	وہ انتظار کرتے ہیں

زمین میں۔ اور نشانیاں اور ڈرانے والے (رسول)، ان لوگوں کو فائدہ نہیں دیتے جو نہیں مانتے۔ تو کیا وہ انتظار کر رہے ہیں

اِلَّا مِثْلَ اَیَّامِ الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ

اِلَّا	مِثْلَ	اَیَّامِ	الَّذِیْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ	قُلْ	فَانْتَظِرُوْا	اِنِّیْ	مَعَكُمْ	مِنَ
مگر	جیسے	دن (واقعات)	وہ لوگ	جو گزر چکے	ان سے پہلے	آپ کہدیں	پس تم انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ	سے

مگر انہیں لوگوں جیسے واقعات کا جو ان سے پہلے گزر چکے، آپ کہہ دیں پس تم انتظار کرو بیشک میں بھی تمہارے ساتھ

الْمُنْتَظِرِیْنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ نُنَجِّیْ رُسُلَنَا وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَیْنَا نُنْجِ

الْمُنْتَظِرِیْنَ	ثُمَّ	نُنَجِّیْ	رُسُلَنَا	وَ الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	كَذٰلِكَ	حَقًّا عَلَیْنَا	نُنْجِ
انتظار کرنے والے	پھر	ہم بچا لیتے ہیں	اپنے رسول (جمع)	اور وہ لوگ جو	وہ ایمان لائے	اسی طرح	حق ہم پر	ہم بچالیں گے

انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ پھر ہم بچا لیتے ہیں اپنے رسولوں کو، اور اسی طرح ان کو جو ایمان لائے، ہم پر حق (ذمہ) ہے ہم بچا لیں گے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ

الْمُؤْمِنِيْنَ	قُلْ	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ شَكٍّ	مِّنْ	دِيْنِيْ	فَلَآ اَعْبُدُ
مومنین	آپؐ کہدیں	اے لوگو!	اگر تم	تم ہو	کسی شک میں	سے	میرے دین	تو میں عبادت نہیں کرتا

مومنوں کو۔ آپؐ کہہ دیں، اے لوگو! اگر تم میرے دین (کے متعلق) کسی شک میں ہو تو میں عبادت نہیں کرتا

الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۚ

الَّذِيْنَ	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلٰكِنْ	اَعْبُدُ اللّٰهَ	الَّذِيْ	يَتَوَفّٰىكُمْ
وہ جو کہ	تم پوجتے ہو	سوائے	اللہ	اور لیکن	میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں	وہ جو	تمہیں اٹھا لیتا ہے

ان کی جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، لیکن میں اس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہیں (دنیا سے) اٹھا لیتا ہے،

وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠۴﴾ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ

وَاُمِرْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَنْ	اَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّيْنِ	حَنِيْفًا
اور مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں ہوں	سے	مومنین	اور یہ کہ	سیدھا رکھ	اپنا منہ	دین کے لئے	سب سے منہ موڑ کر

اور مجھے حکم دیا گیا کہ مومنوں میں سے رہوں۔ اور یہ کہ اپنا منہ سب سے موڑ کر دین کے لئے سیدھا رکھ،

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠۵﴾ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا

وَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	وَلَا تَدْعُ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مَا	لَا يَنْفَعُكَ	وَلَا
اور ہرگز نہ ہونا	سے	مشرکین	اور نہ پکار	سوائے	اللہ	جو	نہ تجھے نفع دے	اور نہ

اور ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا۔ اور اللہ کے سوا اسے نہ پکار جو نہ تجھے نفع دے سکے، اور نہ

يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٦﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ

يَضُرُّكَ	فَاِنْ	فَعَلْتَ	فَاِنَّكَ	اِذًا	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	وَاِنْ	يَمْسَسْكَ	اللّٰهُ
نقصان پہنچائے	پھر اگر	تو نے کیا	تو بیشک تو	اس وقت	سے	ظالم (جمع)	اور اگر	پہنچائے تجھے	اللہ

نقصان پہنچا سکے، پھر اگر تو نے (ایسا) کیا تو اس وقت تو بیشک ظالموں میں سے ہو گا۔ اور اگر اللہ تجھے پہنچائے

بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ

بِضُرٍّ	فَلَا كَاشِفَ	لَهٗ	اِلَّا هُوَ	وَاِنْ	يُرِدْكَ	بِخَيْرٍ	فَلَا رَآدَّ	لِفَضْلِهٖ	يُصِيْبُ
کوئی نقصان	تو نہیں ہٹانے والا	اس کا	اس کے سوا	اور اگر	تیرا چاہے	بھلا	تو نہیں کوئی روکنے والا	اس کے فضل کو	وہ پہنچاتا ہے

کوئی نقصان تو اس کے سوا کوئی اس کو ہٹانے والا نہیں، اور اگر وہ تیرا بھلا چاہے تو کوئی اس کے فضل کو روکنے والا نہیں، وہ پہنچاتا ہے

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۱۰۷ قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ

بِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَهُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	قُلْ	يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ
اس کو	جسے	چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	اور وہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	آپ کہہ دیں	اے	لوگو

اس کو، اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے، اور وہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ آپ کہہ دیں، اے لوگو!

قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ

قَدْ جَآءَكُمُ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَ
پہنچ چکا تمہارے پاس	حق	سے	تمہارا رب	تو جو	ہدایت پائی	تو صرف	اس نے ہدایت پائی	اپنی جان کے لئے	اور

تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق پہنچ چکا، تو جس نے ہدایت پائی صرف اپنی جان کے لئے ہدایت پائی، اور

مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ؕ ۝۱۰۸ وَاتَّبِعْ مَا

مَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا	وَمَا	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ	وَاتَّبِعْ	مَا
جو	گمراہ ہوا	تو صرف	وہ گمراہ ہوا	اس پر (برے کو)	اور نہیں	میں	تم پر	مختار	اور پیروی کرو	جو

جو گمراہ ہوا تو صرف اپنے برے کو گمراہ ہوا، اور میں تم پر مختار نہیں ہوں۔ اور (اس کی) پیروی کرو جو

۱۱ ع ۶ ۱۶

يُوْحٰۤى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ ۖ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝۱۰۹

يُوْحٰى	اِلَيْكَ	وَاصْبِرْ	حَتّٰى	يَحْكُمَ	اللّٰهُ	وَهُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ
وحی ہوتی ہے	تمہاری طرف	اور صبر کرو	یہاں تک کہ	فیصلہ کردے	اللہ	اور وہ	بہترین	فیصلہ کرنے والا

تمہاری طرف وحی ہوتی ہے، اور صبر کرو یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کر دے، اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

آیاتہا ۱۲۳ — (۱۱) سُوْرَةُ هُوْدٍ مَّكِّيَّةٌ (۵۲) — رکوعاتہا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝۱

الٓرٰ	كِتٰبٌ	اُحْكِمَتْ	اٰيٰتُهٗ	ثُمَّ	فُصِّلَتْ	مِنْ	لَّدُنْ	حَكِيْمٍ	خَبِيْرٍ
الٓرٰ	یہ کتاب	مضبوط کی گئیں	اس کی آیات	پھر	تفصیل کی گئیں	سے	پاس	حکمت والے	خبردار

الٓرٰ۔ یہ کتاب ہے، اس کی آیات مضبوط کی گئیں، پھر تفصیل کی گئیں حکمت والے، خبردار کے پاس سے۔

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ﴿٢﴾ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا

اَلَّا	تَعْبُدُوْٓا	اِلَّا اللّٰهَ	اِنَّنِيْ	لَكُمْ	مِّنْهُ	نَذِيْرٌ	وَّبَشِيْرٌ	وَّاَنِ	اسْتَغْفِرُوْا
یہ کہ نہ	عبادت کرو	اللہ کے سوا	بیشک میں	تمہارے لئے	اس سے	ڈرانے والا	اور خوشخبری دینے والا	اور یہ کہ	مغفرت طلب کرو

یہ کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، بیشک میں اس (کی طرف) سے تمہارے لئے ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں۔ اور یہ کہ مغفرت طلب کرو

رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ

رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ	يُمَتِّعْكُمْ	مَّتَاعًا	حَسَنًا	اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	وَّيُؤْتِ
اپنا رب	پھر	اس کی طرف رجوع کرو	وہ فائدہ پہنچائے گا تمہیں	متاع	اچھی	تک	وقت	مقرر	اور دے گا

اپنے رب کی، پھر اس کی طرف رجوع کرو وہ تمہیں فائدہ پہنچائے گا اچھی متاع، ایک مقررہ وقت تک، اور دے گا

كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ

كُلَّ	ذِيْ فَضْلٍ	فَضْلَهٗ	وَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنِّىْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ	يَوْمٍ
ہر	فضل والا	اپنا فضل	اور اگر تم	پھر جاؤ	تو بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	ایک دن

ہر فضل والے کو اپنا فضل، اور اگر تم پھر جاؤ تو بیشک میں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں

كَبِيْرٍ ﴿٣﴾ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ

كَبِيْرٍ	اِلَى اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	وَهُوَ	عَلٰي	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	اَلَآ	اِنَّهُمْ
بڑا	اللہ کی طرف	لوٹنا ہے تمہیں	اور وہ	پر	ہر شے	قدرت والا	یاد رکھو	بیشک وہ

اللہ کی طرف تمہیں لوٹنا ہے، اور وہ ہر چیز پر قدرت والا ہے۔ یاد رکھو! بیشک وہ

يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ

يَثْنُوْنَ	صُدُوْرَهُمْ	لِيَسْتَخْفُوْا	مِنْهُ	اَلَا	حِيْنَ	يَسْتَغْشُوْنَ	ثِيَابَهُمْ	يَعْلَمُ
دوہرے کرتے ہیں	اپنے سینے	تاکہ چھپالیں	اس سے	یاد رکھو	جب	پہنتے ہیں	اپنے کپڑے	وہ جانتا ہے

اپنے سینے دوہرے کرتے ہیں تاکہ اس (اللہ) سے چھپالیں، یاد رکھو! جب وہ اپنے کپڑے پہنتے ہیں وہ جانتا ہے

مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٥﴾

مَا يُسِرُّوْنَ	وَمَا يُعْلِنُوْنَ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	
جو وہ چھپاتے ہیں	اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں	بیشک وہ	جاننے والا	دلوں کے بھید	

جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں، بیشک وہ دلوں کے بھید جاننے والا ہے۔